
www.novelsclubb.com
ابنِ آدم اور چاہت
ناولز کلب
از قلم بسمہ حمید
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری، ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

ابنِ آدم اور چاہت

از قلم

www.novelsclubb.com

بسماء حمید

کہانی ہے کہی کرداروں کی

کچھ نئے جذباتوں کی کچھ پرانے احساسوں کی

جذبات کسی کو برباد کر دینے کا

احساس کسی کہ تحافظ کا

پرانے قصے نئے انداز

دہرائیں جائیں گے سبھی ہمراز

کسی کا ٹوٹا دل تو کسی کا بکھرا حال

www.novelsclubb.com

آپس میں جڑے ہیں سبھی کردار

کسی کو چاہیے کسی کی طاقت

کسی کو چاہیے کسی کی موت

لوٹ آیا وہ انتھک جتن لے کے

پرانی کہانی کو ایک نیا رنگ دے کے

پھر سے دہرائی جائے گی داستان

ہو گا نیا انداز بیان

عشق، محبت، یاری جنون

کی ہے یہ داستان

لندن اپنی تمام تر وجاہت اور بلندیوں کہ ساتھ چمچمار ہا تھا۔ سڑکوں پر لوگوں کا ہجوم تھا۔ کچھ کام کے لیے جا رہے تھے تو کچھ سکول کالج کہ لیے ایک دوسرے سے بے خبر بے نیاز۔ اسی جگہ سڑک سے بلکل دور کونے میں ایک سفید گھر اپنی پوری آب وتاب اور مضبوطی سے کھڑا تھا جسے ہر آتا جاتا با آسانی دیکھ سکتا تھا۔ لیکن سب اس بات سے بے خبر و بینیاز تھے کہ اس گھر کہ اندر ہو کیا رہا ہے۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

گھر تمام آرائشی سامان سے پاک تھا گھر کی بیسمنٹ کہ اندر ایک شخص کرسی پر رسیوں سے جکڑا ہوا تھا وہ شخص دیکھنے میں انگریز معلوم ہوتا تھا، گردن ایک طرف ڈھلکی ہوئی تھی وہ بیہوش تھا، اس کہ کرسی سے بندھے زخمی ہاتھ، خون سے شرابور کپڑے اور چہرے پر آتی ہر لکیر اس بات کی گواہ تھی کہ اسے بہت مارا گیا ہے۔اس گھر میں اس بیسمنٹ کہ اندر اس شخص کے علاوہ بھی کوئی موجود تھا جو اس کہ ہوش میں آنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔

"kill him ۔"

اس کہ جواب پر ہوش میں آتے روبن کی پوری کی پوری آنکھیں کھل گئی۔

"You ..... you . Can't pls . . . Don't do this .."

دونوں ہاتھوں کو باہم لپیٹے اس کی بات سن کر سامنے والے نے جان دار قہقہ لگایا، مگر اسکی آنکھیں ویسی ہی ویسی تھی سفاک۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"سیر ئسلی یو تنک آئی کانٹ کل یو؟" وہ عجیب سے انداز میں مسکرایا یقیناً یہ سوال تو بلکل نہیں تھا

۔

وہ تھوڑی دیر کہ لیے رکا اس بنگلے نما گھر میں بلکل خاموشی چاہ گئی۔۔ بلکل ویسی ہی خاموشی جو موت سے پہلے ہوتی ہے۔

وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا اب روبن کہ قریب آرہا تھا دونوں ہاتھ سختی سے اس کرسی پر گرا دیے جس پر روبن بندھا ہوا تھا روبن نے خوف سے اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"یہ تمہاری زندگی کا آخری دن ہے آج ایک اور ظالم کا اختتام ہو گا آج ایک بار پر انصاف ہو گا۔ ۔" اس کہ اوپر جھکتے ہوئے اس نے اپنی بات مکمل کی۔

انصاف؟ کیا حقیقت میں انصاف ہو رہا تھا یا اپنے گناہوں کی جسٹیفیکیشن دی جا رہی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"یہ صحیح کہہ رہا ہے ہمارے پاس پرمیشن نہیں ہے" اس کہ کانوں میں پیچھے سے انگریزی میں کہا گیا جملا ٹکرایا اس کہ پیچھے چار اور لوگ بھی تھے وہ بھی دکھنے میں انگریز معلوم ہو رہے تھے۔

"ہمارے پاس نہیں صرف تمہارے پاس بھولومت میں اس ایجنسی کا پابند نہیں تم ہو۔۔۔

"انہی کی طرح انگریزی میں اس نے اپنا جملا ادا کیا اس نے گردن پھیر کر پیچھے کھڑے مکالفین کو دیکھا پیچھے کھڑے مکالفین کہ چہرے پر یکدم سختی سی آگئی۔

"فخر مت کرو کیفٹن میں اسے مارونگا نہیں۔۔" اس نے اسے بے فکر ہونے کا کہا۔اور پھر

.....

اس وہشت زدہ ماحول میں ہڈیوں کی ٹوٹنے کا شور گونجا ساتھ میں روبن کی چیخیں اس گھر کے در و دیوار سے ہو کر واپس آرہی تھیں۔۔

وہ اب مطمئن سا اسے دیکھ رہا تھا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"دو منٹ اکیلے چاہتا ہوں۔" پیچھے کھڑے چاروں آدمیوں میں سے ایک ان سے تھوڑا آگے کھڑا تھا لیکن وہ اس شخص سے پر بھی فاصلے پر تھا۔

"تم ہمیں اس کہ بلیک منی کا ثبوت دو گے اپنا وعدہ یاد رکھنا۔" اس نے اس کا کندھا تپکھا۔اور اپنے ساتھیوں کو جانے کا اشارہ دیا۔اور خود بھی نکل گیا۔

"مجھے بتاؤ اس رات کیا ہوا تھا۔" اس کا گلا پکڑے وہ دھاڑا۔روبن نے بے بسی سے اسے دیکھا۔

"جس رات عظیم حالم نے تمہیں گاڑی جلانے کا کہا تھا جہاں پر ایک فیملی تھی اور اس کا ایک فرد وہ کہاں ہے اسکی بات کر رہا ہوں میں۔" اس نے بے اختیار اسے سر کہ بالوں سے پکڑ کر۔اس کا سر اوپر کو اٹھایا۔

"وہ کہاں ہے؟؟" وہ اب اتنی قوت سے دھاڑا کہ روبن کو لگا اس کہ کان پھٹ جائیں گے۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"مجھے نہیں پتا.." مری مری آواز میں اس نے نفی میں گردن ہلائی۔

"وہ زندہ ہے بس اتنا معلوم ہے مجھے۔" اس کا مکا اس کہ منہ میں پڑنے ہی والا تھا کہ اس کی بات پر ہاتھ ہوا میں ہی معلق رے گیا۔ لمحے بر کو اس کہ حواسوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ایک ہاتھ اب بھی ہوا میں معلق تھا دوسرے سے روبن کہ بالوں کو جکڑا ہوا تھا اس نے بے اختیار ہاتھ کو حرکت دی اب وہ ہوا میں معلق نہیں تھا اب وہ روبن کہ سیدھا جھبڑے میں جا کر لگا تھا وہ پنچ روبن کرا ہا۔

بے یقینی سی تھی اس شخص کی آنکھوں میں غم غصہ تکلیف کیا کچھ نہیں تھا ان آنکھوں میں.....

وہ شخص پلٹ گیا اس کی قدم باہر کی سمت تھے۔

عظیم حالم اپنی بربادی کا منظر دیکھنے کہ لیے تیار ہو جاؤ۔" وہ شخص بڑبڑایا۔ روبن کو وہی چھوڑ کر وہ وہاں سے نکل گیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

•••••••••

"کیا دیکھ رہے ہو۔؟"یوسف نے اسے شل کھڑا دیکھ پوچھا۔

دونوں نفوس کی شکلیں واضع ہوئی... جن میں سے ایک نے بلو کلر کا آدھے آستینوں والا ٹی شرٹ اور بلیک پینٹ پہنا ہوا تھا بلو کلر کا کوٹ ہاتھ میں ہی موجود تھا اس کہ ماتھے پر گرتے بھورے بال بھوری آنکھیں جو اس وقت سورج کی روشنی پڑنے کی وجہ سے سکڑی ہوئی تھی اٹھی ناک،ٹرم شدہ داڑی، کسرتی جسم اور دراز قد سورج کی روشنی میں۔ مسلسل کھڑا ہونے کی وجہ سے اس کی سفید رنگت ہلکی ہلکی گلابی ہو رہی تھی وہ یوسف تھا یوسف حالم۔

اس کہ سامنے ہی فیصل کھڑا اسے گھور رہا تھا لمبا قد کسرتی جسم ہلکہ بھورے بال کالی آنکھیں، اٹھی ہوئی اور لمبی تیکی ناک سفید رنگت اس نے بھی کوٹ ہاتھ میں لے رکھا تھا اس نے وائٹ شرٹ

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور بلیک پینٹ پہن رکھا تھا دیکھنے سے دونوں ہی کافی معقول اور ڈیسنٹ لگ رہے تھے ڈریسنگ کی وجہ سے اور کچھ اپنی اپنی منفرد شخصیت کی وجہ سے بھی...

"تم انکل سے ملنے جاؤ گے۔۔۔؟؟" فیصل نے سوال کیا۔

"مبارک ہو mission completed آخر کار ہم پاکستان جا رہے ہیں" یوسف نے سرے سے اس کہ سوال کو اگنور کیا۔

"یار وہ میں سوچ رہا تھا آج ہم پاکستان جائیں گے اتنے مہینوں باد، تمھیں خوشی نہیں ہو رہی ؟۔" وہ اس کا سوال گھمانا محسوس کر چکا تھا اسی وجہ سے بغیر برا مانے اس نے اس کا جواب دیا

فیصل نے یوسف کا چہرہ دیکھ کر استفسار کیا جہاں کوئی بھی ایکسپریشن نہیں تھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تم پاکستان اس کو اسکی جگہ پہنچانے کے بعد جاؤ گے"۔یوسف نے ہاتھ میں پکڑا فائل اس کی طرف کیا جہاں پر ڈیلر کہ سائن ہونے باقی تھے اس ڈیل کہ لیے دونوں نے دن رات ایک کر دیے تھے۔

"اس کی تم ٹینشن نالو بس اب جانے کی تیاری کرو۔"اس کی ہاتھ سے فائل لیتے ہوئے اس نے بے فکر ہونے کا کہا۔

"مجھے ایک ضروری کام ہے میں تمھیں ایئرپورٹ پر ملونگا۔"یوسف نے کہتے ساتھ سنگلاسس اپنی آنکھوں پر لگائے اور قدم باہر کی سمت لیے۔اس کے بال اب بھی ماتھے پر بکھرے ہوئے تھے وہ اتنا وجیہہ تو تھا کہ لوگ صرف اس کہ لکس سے ہی امپریس ہو جاتے۔

"یار بتاتے تو جاؤ کہاں جا رہے ہو یوسف....یوسف!!!"وہ جانتا تھا اب اس کی ملاقات ایئرپورٹ پر ہی ہونی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"چل تجھے ٹکانے لگادوں بہت تنگ کیا ہے تو نے ان مہینوں میں۔" فائل کو دیکھتے ہوئے اس نے کہا۔

•••••••••••••••

پسینے سے شرابور پنچنگ بیگ کو غصہ سے مارتی سفید رنگت اب ہلکی ہلکی گلابی ہو رہی تھی ہلکے سنہرے بالوں سے الجھتی، سبز آنکھوں میں ڈھیروں غصہ لیے وہ حائل کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھنے لگی۔

www.novelsclubb.com

"حیات ٹھیک سے پریکٹس کرو" اس نے تنگ آ کر کہا۔

"حائل آپ مجھ سے یہ کیا کروا رہے ہیں۔" وہ پچھلے دو گھنٹوں سے یہی کام کر رہی تھی بل آخر تنگ آ کر اس نے کہہ ہی دیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

چہرے پر ڈیروں بل ڈالے حائل نہ اپنی سبز آنکھوں کو اس کی سبز آنکھوں پر جمائی عنابی لب ہلے اپنی بات کہنے کہ لیے۔۔

"میں نے تم دونوں کو سیلف ڈیفنس سکھایا تھا اس کہ باوجود بھی تم دونوں مار کھا کر آ گئے"

حائل کی بات پر سائڈ پر ہو ٹک بیٹک کرتے سائل نے اپنی مسکراہٹ چھپائی لیکن اس کی مسکراہٹ حائل سے چھپ نا سکھی۔

"اور تم مسٹر اگر تم اس کے ساتھ گئے تھے تو تمھیں خیال رکھنا چاہیے تھا، خیال رکھنا تو چھوڑو خود بھی پٹ کر آ گئے" حائل نے اسے شرم دیلانی چاہی۔

"حائل بروکام ڈاؤن۔اب تم ہی بتاؤ میں دبلے پتلے لوگوں پر ہاتھ اٹھاتا اچھا لگوں گا؟؟؟" سائل نے خفگی سے اپنی صفائی پیش کی۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"حیات کو لے کر وہاں سے نکل بھی تو سکتے تھے تم نے اسے روکنے کی کوشش کیوں نہیں کی۔"

حائل کا غصہ کسی صورت کم نہ ہوا اسے تو ان دونوں کا چہرہ دیکھ کر ہی غصہ آ رہا تھا۔

"حائل آپ ہماری بات تو سنیں کہ جھگڑا کس بات پر ہوا تھا، کیوں ہوا تھا اور ہم پٹ کر ہی نہیں آئے آپ نے ان لڑکوں کی حالت نہیں دیکھی میں نے انہیں اچھا سبق سکھایا ہے اب وہ ایسا کرنے سے پہلے دس مرتبہ سوچیں گے۔" حیات نے اپنی بات سنانے کے ساتھ ساتھ اپنی تعریف بھی۔

www.novelsclubb.com

"بولو کیوں کیا تم لوگوں نہ جھگڑا۔" دونوں کو دیکھتے ہوئے اس نے بلآخر ان سے پوچھ ہی لیا۔

"میں بتاتا ہوں" سائل نی بتانا شروع کیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"آج جب ہم لوگ شاپنگ کر رہے تھے تو آپ پیمنٹ کرنے چلے گئے اور ہم پارکنگ ایریا میں گاڑی کی جانب جا رہے تھے تب۔"

"ہیلو جان... ہماری مدد چاہیئے؟" حیات نے شاپنگ بیگز پیچھے کیا۔اس کہ سامنے ہی تین نوجوان کھڑے اس سے کہ۔رہے تھے۔

جی نہیں.." حیات کہ بجائے سائل نے جواب دیا۔

سائل جانے دو.." اس نے آہستگی سے اس سے کہا۔

www.novelsclubb.com

تم بس سائڈ میں کھڑی ہو جاؤ یہ لڑکے تو میری ایک ڈانٹ کی مار ہیں۔" کیا اعتماد تھا۔اس نے ایک نظر ان لڑکوں پر ڈالی جو دبلے پتلے سے تھے دانت گڑکا کھانے کی وجہ سے سرخ تھے۔

"اچھا سو چلو اگر ہیلف کی ضرورت ہوئی تو بتا دینا.." حیات نے پیشکش کی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''ان کو ہینڈل کرنے میں کونسی ہیلف چاہیئے ہو گی تم یہ سامان پکڑو اور بس آگے دیکھو۔'' وہ سیدھا ان کی جانب گیا۔

''دیکھو بھائیوں عزت سے سمجھا رہا ہوں راستے سے ہٹ جاؤ۔'' نرم لہجہ وارننگ دیتا انداز۔

لڑکے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے سائل نے ایک جتاتی نگاہ حیات پر ڈالی کہ دیکھو میں نے کہا تھا نہ میں ہینڈل کر لونگا۔

ان لڑکوں میں سے سب سے چھوٹا لڑکا سائل کے قریب آیا اور زوردار گھونسا سائل کہ منہ پر دے مارا سائل کے لیے یہ حملہ غیر متوقع تھا ابھی تک وہ یہی سوچ رہا تھا کہ اس کہ ساتھ ہوا کیا ہے۔ تینوں لڑکے قہقہ لگا کر ہنس پڑے وہ خود کو جلدی کمپوز کر چکا تھا۔

اس نے اسے گلے سے پکڑا اس نے ایک گھونسا مارا تھا سائل نے دو مارے دو پر ہی اس کی حالت پتلی ہو گئی اور وہ نیچے جا گرا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

سائل دونوں کی جانب گیا حیات سب ہوتا دیکھ رہی تھی۔

اب تینوں آپس میں گھتم گھتا تھے سائل نے ایک کو کالر سے پکڑا ہوا تھا اور ایک آخری پنچ مارا تو وہ نیچے گر پڑا گہرے گہرے سانس لیتے ہوئے وہ پلٹا لیکن برا ہوا آخری لڑکے نے فوراً آخر اسے لات ماری وہ بے اختیار نیچے کو جھکا۔

حیات حیرانی سے یہ سب دیکھ رہی تھی اچانک اسنے اپنے ہاتھ میں پکڑا سامان پھینک کر اس لڑکے کی جانب دوڑ لگائی اور بالوں سے پکڑ کر گول گول گھمانے لگی۔

www.novelsclubb.com

"تمہاری ہمت کیسے ہوئی میرے بھائی پر ہاتھ اٹھانے کی...."

وہ اسے بالوں سے گھما رہی تھی کہ وہ دونوں ہاتھ یہاں وہاں مارتا کب اس کہ چہرے پر بھی مار گیا تھا اسے پتا ہی نہ چلا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''ابھے کیا کر رہی ہے چھوڑ مجھے چھوڑ میں بول رہا ہوں چھوڑ''

''تم نے مجھ پر ہاتھ اٹھایا تمھیں تو بتانا پڑے گا کہ حیات شاہ کیا چیز ہے، حیات شاہ اپنا بدلا ضرور لیتی ہے'' حیات نہ کہتے ساتھ اس کا ہاتھ اس کی پیٹ پر لے جا کر مروڑا اور اس انداز میں مارا کہ اسکی ایک دو ہڈیاں تو ضرور ٹوٹ گئی ہو نگی۔

''اسی ہاتھ سے تم نے مجھے مارا تھا نہ جاہل آدمی...''

''ہاں اسی ہاتھ سے مارا تھا حیات۔'' زمین پر بیٹھے ہوئے سائل نے جواب دیا اس سے اٹھا نہیں جا رہا تھا آخر کار لگا بھی تو ایسی جگہ تھا۔

''شکر کرو تم لوگ پتلے ہو ورنہ میں تم لوگوں کو ایسے مارتا کہ تمہاری سات نسلیں یاد کرتی''

سائل نے ان کو دھمکی دی جو شاید ہی اسے سن رہے تھے۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اب جاؤ یہاں سے،اور ہاں اچھی صحت بنانے کے ساتھ ساتھ کچھ بوکسنگ بھی سیکھ لو ورنہ تم لوگوں کہ لیے اپنا وزن ہی اٹھانا مشکل ہو جائے گا"ان لوگوں کو دفع ہونے کہ ساتھ ساتھ مفت کا مشورہ بھی دے دیا۔

وہ لڑکے چلے گئے انہیں رک کر اور مار تھوڑی کھانی تھی۔

"سائل بروآریو ہو کے"حیات نے پریشانی سے اس سے اس کا حال پوچھا جس کی ساری دنیا ہی ہل گئی تھی۔

www.novelsclubb.com

"یا آئی ایم آل رائٹ۔"

"بس یہی ہوا تھا اور پھر آپ آ گئے تب سے ہم آپ کے سامنے ہیں"سائل نے ساری بات بتا کر آخر میں ایک معصوم سی شکل بنائی اور اس چیز میں حیات نے بھی اسکا پورا ساتھ دیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اتنے معصوم تم دونوں ہو نہیں جتنے بن رہے ہو" حائل اپنے دونوں کزنوں سے اچھی طرح واقف تھا۔

"اگر ان کہ پاس کوئی اصلاح موجود ہوتا پھر" حائل کو ان دونوں کی فکر تھی۔

"اگر تم میری کزن نہ ہوتی تو میں خود تم پر کیس کر دیتا واللہ تم جانتی ہو حائل خان آج تک کوئی کیس نہیں ہارا" حائل کی بات پر جھٹ سے حیات نے جواب دیا۔

"جی میں جانتی ہوں آپ آج تک کوئی کیس نہیں ہارے لیکن صرف مجھ پر کیس کرنا تو زیادتی ہو گی سائل بھی میرے ساتھ تھا" حیات کو اس بات کا غم تھا کہ کہیں حائل صرف اس پر ہی کیس نہ کر دے۔

"ارے بچوں تم لوگ یہاں" ہیشم خان کی آواز پر سب نے انہیں دیکھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ماموں آپ اس وقت یہاں؟؟" حیات ان کو دیکھ کر خوش ہوئی حیات انکی بہن کی اکلوتی بیٹی تھی۔

"ہان چاچو آج آپ یہاں اس وقت کہیں میں کوئی خواب تو نہیں دیکھ رہا" سائل کو بھی انہیں دیکھ کر خوشی ہوئی تھی، سائل انکے بڑے بھائی فواد خان کا چھوٹا بیٹا تھا جو حیات کا ہم عمر تھا، جبکہ بڑا بیٹا عیان خان 28 حائل سے ایک سال بڑا اور منائل سے 3 سال۔

"بچوں اتنا حیران مت ہو میں ایک ضروری فائل لینے آیا ہوں ابھی واپس چلا جاؤنگا" ہیشم مسکرا کر انہیں اپنی آنے کی وجہ بتا رہا تھا۔

"تبھی میں سوچوں آج سورج کہاں سے نکلا ہے" حیات نے شرارت سے کہا۔

"سورج وہی سے نکلا ہے جہاں سے روز نکلتا ہے" انہوں نے مسکرا کر حیات کا سر تھپکا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''برخوردار آج تم کورٹ نہیں گئے؟''انہوں نے حائل سے پوچھا۔

''جی بابا بس جارہا ہوں''

''اچھا تم لوگ بیٹھ کر باتیں کرو مجھے واپس کمپنی بھی جانا ہے''ہیشم خان کہ کر اٹھ کھڑے ہوئے

۔

ان کہ جاتے ہی حیات نے حائل سے سوال کیا۔

''اپ بابا کو تو نہیں بتائیں گے؟''

www.novelsclubb.com

''اور چاچو کو بھی''سائل نہ بھی اپنا حصہ ڈالا۔

''نہیں بتاؤنگا''حائل کو اب ان پر رحم آرہا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"سائل تم اپنا چیک اپ کروالینا" حائل نے سائل کو مشورہ دیا، سائل سمجھ چکا تھا وہ کس بات کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔

"میں کورٹ جا رہا ہوں حیات چلو تمہیں بھی چھوڑ آتا ہوں"

"جی آپ جائیں میں سامان لے کر آتی ہوں"

"سائل میں جا رہی ہوں تم اپنا چیک اپ کروالینا۔" حیات شرارت سے کہتی وہاں سے چلی گئی

۔

www.novelsclubb.com

"یا اللہ یہ میرے ساتھ ہی ہونا تھا ہوا تو خیر لیکن کیا اس چڑیل کا وہاں ہونا ضروری تھا۔"

••••••••••••

وہ اونچے سے کانچ کہ بنی عمارت کہ باہر سنگلاسس لگائے اپنی پوری وجاہت کہ ساتھ کھڑا تھا، وہ لندن کی مشہور و معروف کمپنی تھی اس عمارت کی خوبصورتی دیکھنے لائق تھی وہاں پر ہر شخص اپنے کام میں مصروف آس پاس کی چیزوں سے بے نیاز وہاں کہ لوگوں کہ لیے زندگی ایک ریس تھی اور ہر کوئی بس ایک دوسرے کو مات دینے کے تگ ودو میں تھا۔۔

یوسف نے عمارت کی جانب دیکھا اور استہزاہیہ مسکرایا ان گلاسز کے پیچھے چھپی بھوری آنکھوں کو کوئی اس وقت دیکھ لیتا تو جان جاتا۔ وہ آنکھیں ٹوٹ رہی تھی اس سے منت کر رہی تھی کہ اس شخص کہ پاس نہ جاؤ، جس چیز کو وقت نے دفنا دیا ہے اس شخص کی پاس جا کر وہ یاد تازہ ہو جاتی تھی۔۔اس نے ان بھوری آنکھوں کی منت سنی نہ اس دل کی۔

کوئی اس سے پوچھتا وہ جب بھی اس شخص سے ملنے آتا اسے کیسی اذیت سے گزرنا پڑتا تھا وہ اپنے دل کو مار کر یہاں آتا تھا اور اس شخص سے مل کر وہ یادیں.....ہاں وہ یادیں اسے کتنی تکلیف

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

دیتی تھی اس کا دل بند ہو جاتا تھا جب بھی وہ اس رات کہ بارے میں سوچتا۔۔۔انسان کا ماضی کبھی اسے نہیں چھوڑتا!!!

عمارت کہ چمچماتے ٹائل لگے فرش پر مضبوط قدم اٹھاتا وہ جا رہا تھا وہاں پر کام کرنے والا ہر کوئی اسے دیکھ رہا تھا اور دیکھتا بھی کیوں نہیں وہ لوگوں کو مبہوت کرنے کا ہنر رکھتا تھا۔اس کے چلنے کا اعتماد اٹھی ہوئی ناک کہ ساتھ اٹھی ہوئی گردن لوگ اسکی خوبصورتی پر فدا ہو رہے تھے کیا ان میں سے کسی کو اسکی وہ پیاری بھوری آنکھیں نہیں دکھ رہی تھی جو اس وقت بلکل خالی تھی ہر جذبات سے یوسف حالم کو اپنے جذبات چھپانے بخوبی آتے تھے۔وہ ان لوگوں پر ایک نظر بھی ڈالے بغیر سیدھا لفٹ کی جانب گیا اور سب سے اوپر والے فلور کا بٹن پریس کیا۔۔۔لفٹ کل چکا تھا وہ اس جگہ پہنچ گیا تھا اس آفس کہ باہر جو اس کمپنی کہ مالک کا تھا جو عظیم حالم کا تھا جو اس کہ باپ کا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بغیر دستک دیے وہ اس آفس کہ اندر گیا جہاں عظیم حالم کسی لڑکی کا ہاتھ پکڑے اپنے لبوں سے لگا رہے تھے۔یوسف کو یہ دیکھ کر حیرت نہیں ہوئی وہ اپنے باپ کے کردار کہ بارے میں باخوبی جانتا تھا۔یوسف نے نظریں جھکادی وہ اتنا بغیرت تو ہر گز نہیں تھا کہ اپنے باپ کہ یہ کرتوت دیکھتا۔

اسے دیکھ کر عظیم حالم فوراً سیدھے ہوئے اور اس لڑکی کو جانے کا اشارہ کیا۔۔وہ لڑکی ان کا اشارہ سمجھ کر جانے کے لیے اٹھی۔۔یوسف ابھی تک دروازے کے پاس ہی کھڑا تھا وہ لڑکی جاتے ہوئے اس کہ پاس رکی۔

"یو آر ٹو ہینڈسم یو شڈ ٹیک یور فدرس پلیس سوون۔" وہ لڑکی اب اس سے گلے ملنے کے لیے آگے بڑی۔یوسف کی اب برداشت کے باہر ہوا یہ سب۔۔وہ اس لڑکی سے دو قدم پیچھے ہٹا، وارن کرتی آنکھوں سے اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"آئندہ اگر آپ نے مجھے ہاتھ یا بات کرنے کی کوشش کی تو دوبارا اس انداز میں آپکو نہیں سمجاؤنگا مجھے عظیم حالم کی طرح بغیرت سمجھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔"انتہائی ضبط سے کہا گیا۔۔

لڑکی کا چہرہ بیعیزتی کے مارے سرخ پڑ گیا وہ بنا کسی طرف دیکھے اس کمرے سے نکل گئی۔ عظیم حالم کی غصے بھری نگاہیں ہ خود پر باخوبی محسوس کر رہا تھا۔

وہ ان کے گھورنے کو کوئی اہمیت دیے بغیر ان کی ٹیبل کے سامنے والی کرسی گھسیٹ کر ٹانگوں میں ٹانگ جمائے بیٹھ گیا، آنکھوں سے چشمہ اتار کر ٹیبل پر رکھا اور کرسی سے ٹیک لگا کر انکی جانب اطمینان سے دیکھا۔

"گھورنا بند کریں کچھ غلط نہیں کہا میں نے"یوسف کا لہجہ اب بھی سنجیدہ تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''اس بار لندن آنے کی کوئی خاص وجہ اور مجھے بتایا کیوں نہیں۔'' وہ نرم لہجہ میں اس سے پوچھ رہے تھے۔یوسف پر غصہ کرنے سے ان کا اپنا ہی نقصان ہونا تھا۔

"میں یہاں ایک بزنس میٹنگ آٹینڈ کرنے آیا ہوں آپ کو بتانا میں نے ضروری نہیں سمجھا۔''

''باپ ہوں تمھارا جاننے کا حق رکھتا ہوں۔''یوسف ہنس دیا۔

''کیا کہا باپ واؤ۔۔میرا کوئی باپ نہیں جس رات میری ماں مری تھی اسی رات عظیم حالم کہ لیے جو تھوڑی بہت عزت تھی اسے بھی یوسف حالم نے دفنا دیا۔''

www.novelsclubb.com

''پھر اپنے نام کہ ساتھ میرا نام کیوں لگاتے ہو جب مجھے اپنا باپ ہی نہیں مانتے۔'' عظیم حالم استھازیہ مسکرائے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ہاہاہا سیریئسلی آپ کا نام؟؟ حالم آپ بھی اچھی طرح جانتے ہیں کون ہیں اور میں بھی دوبارہ اس غلط فہمی کا شکار مت ہوئیے گا۔" یوسف نے جیسے یاد دلایا یہ ان کا نہیں اس کہ دادا شمشیر حالم کا نام ہے۔

"عظیم حالم کیا جانتے ہو میری مان کیا کہتی تھی؟؟" لہجہ اب بھی سفاٹ تھا۔

"لوگوں کہ خاندانوں سے کبھی اس بات کا اندازہ مت لگانا کہ یہ اس خاندان کا ہے یہ اچھا ہو گا یہ اس خاندان کا ہے یہ برا ہو گا جانتیں ہیں کیوں؟" اس نے ان کہ جواب کا انتظار بھی نہیں کیا۔

www.novelsclubb.com

"کیونکہ میری ماں نے یہی غلطی کی تھی آپ کو حالم خاندان کا سمجھا، آپ کو شمشیر حالم کی اولاد سمجھا، جو اپنے وقار کو برقرار رکھنا جانتے ہیں، جو وفاداری کی اعلیٰ مثال ہے... لیکن انہیں یے بات اس وقت سمجھ نہیں آئی کہ کچھ ہیرے صرف اپنے چمک سے لوگوں کو متوجہ کرتے ہیں اور پر اپنی نوک سے ان کی گردنیں کاٹ ڈالتے ہیں۔ آپ نے شمشیر حالم کے خاندان کہ چمک

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

استعمال کی لیکن کب تک خاندان کا برم رکھتے جو آپکا اصل تھا اسے تو سامنے آنا ہی تھا۔آپ حالم خاندان کہ لیے سیائی سے بڑھ کر کچھ نہیں"یوسف آج ہر بات کہ دینا چاہتا تھا ہر واسطہ توڑ دینا چاہتا تھا وہ انہیں کبھی نابلائے کبھی بھی نہیں۔

"تم اس دو ٹھکے کی عورت کہ لیے مجھ سے اس طرح بات کر رہے ہو۔"عظیم حالم گویا پٹ پڑے۔

یوسف کرسی سے اٹھ گیا ضبط کہ مارے اس کی رنگت ہلکی سے سرخ ہو گئی۔

www.novelsclubb.com

"زبان سنبھال کر بات کریں میری ماں کے بارے میں۔"یوسف نے انہیں وارن کرتے کہا۔

"میں تمھاری شادی کرنا چاہتا ہوں۔"انہوں نے اصل مدعے کی طرف جانا بہتر لگا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف نے ماتھے پر بل ڈالے انہیں دیکھا جو ٹیبل کہ اس پار کھڑے انہیں بیٹھنے کا اشارہ کر رہے تھے۔

''میں تمہاری شادی کرانا چاہتا ہوں۔''انہوں نے اپنی بات پر زور دیا۔

''اور آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے کہ میں آپکی بات مانوں گا۔؟؟''ہاتھوں کو پینٹ کی جیب میں ڈالے وہ اطمینان سے انہیں دیکھ رہا تھا۔

''اگر تم نہیں کرو گے تو میں شہیر کی کرادوں گا وہ لڑکی اسی گھر میں آئے گی۔''ان کا لہجہ ضد لیے ہوئے تھا۔

''عظیم حالم ہم دونوں بھائیوں کہ فیصلے آپ نہیں کر سکتے۔''دونوں ہاتھوں کو ٹیبل پر رکھے ان پر جھکا وہ گویا ہوا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"یا تم اس سے شادی کرو گے یا شھیر فیصلہ تمھارے ہاتھوں میں ہے۔"

شھیر کو اپنے گھنونے کاموں سے دور رکھیں۔"

"تو تم کر لو۔"

یوسف بغور ان کا چہرہ دیکھ رہا تھا۔

"پراپرٹی۔" یوسف نے بس ایک الفاظ کہا۔

عظیم حالم کا رنگ فک ہو گیا وہ بنا بتائے ان کی باتوں کا صحیح انداز الگا رہا تھا۔

www.novelsclubb.com

یوسف کو انکا چہرہ دیکھ کر یقین آ گیا تھا کہ اسنے بلکل صحیح انداز الگایا تھا۔

"مجھے اپنے ان گندھے کاموں میں ڈالنے کی کوئی ضرورت نہیں۔اور شھیر سے دور رئی یہ گا

۔۔"یوسف نے انگلی اٹھا کر انہیں وارن کیا اور آفس سے نکل گیا۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"شادی تو تم اسی سے کرو گے میں اپنی پراپرٹی کبھی باہر نہیں جانے دونگا۔" عظیم حالم کے عزائم پکے تھے۔

"یوسف اس عمارت سے دور چلا گیا بہت دور وہ ایک بس سٹاپ پر بیٹھا گہرے سانس لہ رہا تھا۔ اس کی آنکھیں لال ہو رہی تھی۔۔اس نے آسمان کی طرف دیکھا اور ایک قطرہ اس کی آنکھوں سے بہ نکلا کتنا تکلیف دے ہوتا تھا اس کہ لیے اس شخص کو دیکھنا۔

"اللہ۔۔کتنا تکلیف دہ ہوتا ہے نا اپنی ماں کہ بارے میں ایسے الفاظ سننا۔" وہ اللہ سے اپنی کیفیت بیان کر رہا تھا۔

www.novelsclubb.com

وہ وجیہہ شخص مضبوط جسامت اور شہزادوں جیسا دکھنے والا اس وقت بہت بکھرا ہوا تھا۔ کیا اس کہ باپ کو معلوم نہ تھی اس کی کیفیت؟؟ کیا باپ ایسے ہوتے ہیں؟؟

وہ لندن کہ بس اسٹاپ پر بیٹا اپنے رب سے اپنی باتیں کرنے میں مگن تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

••••••••••••••••••••

حائل نے گاڑی حیات کے گھر کے پاس روکی۔حیات کا دروازک کھولنے کہ لیے ہینڈل کی طرف بڑھتا ہاتھ دیکھ کر اس نے کانسا جیسے کچھ یاد دلانا چاہتا ہو۔

حیات نے اسکے یوں کانسنے پر اسکی طرف دیکھا سبز آنکھوں میں شرارت واضع تھی۔

"آپ کو بھی ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیے۔" حائل کو حیرت کا جھٹکا لگا وہ جو شکریہ سننے کی توقع کر رہا تھا اور سننے کو ملا کیا؟

www.novelsclubb.com

"مجھے ڈاکٹر کے پاس کیوں جانا چاہیے." سبز آنکھوں میں حیرت لیے اس کی سبز آنکھوں میں دیکھا.

"کیونکہ آپ کا گلا خراب ہے۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تم سے کسنے کہا کہ میرا گلا خراب ہے۔"

"ابھی آپ کھانس رہے تھے اب کوئی ایسے ہی تھینک یو بلوانے کہ لیے تھوڑی کھانستا ہے۔"

حیات نے معصومیت سے جواب دیا حائل اسکی چالاکی پر مسکرایا۔

"اب اگر تم اتنی ہی سمجھ دار ہو تو بول کیوں نہیں دیتی۔" حائل اب پورا اسکی جانب مڑا ہوا تھا۔

"کیا بولوں...؟"

"وہی جو میں سننا چاہتا ہوں۔"

www.novelsclubb.com

"آپ کیا سننا چاہتے ہیں وہ آپ کو پتا ہو گا؟؟۔" افف یہ معصومیت۔

"کیوں تمھیں نہیں پتا میں کیا سننا چاہتا ہوں؟۔" حائل بات کو طویل کرنا چاہتا تھا اسے اچھا لگتا تھا اس سے باتیں کرنا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"مجھے کیسے پتا ہو گا۔" اسی اب ہنسی بھی آ رہی تھی جسے وہ کنٹرول کر رہی تھی۔

"چلو بولو تھینک یو..... اب پتا چل گیا نہ۔" حائل نے ہار کر خود ہی بول دیا

وہ اب زور سے ہنس رہی تھی حائل مسکرا کر اسے دیکھنے لگا۔

"آپ اتنی جلدی تنگ ہو گئے...؟" وہ مسکرا کر اب اس کی جانب دیکھ رہی تھی۔

حائل نے کچھ کہنے کہ لیے لب کھولے ہی تھے کہ اس کا فون بجنے لگ گیا۔

"ہیلو سر کہاں ہیں آپ ہماری پیشی کا وقت اہے اور آپ ابھی تک نہیں پہنچے...؟" فون اٹھاتے ہی اس کے اسسٹنٹ نے ایک ہی سانس میں ساری بات بھلول دی۔۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ریلیکس.... میں بس راستے میں ہوں تم ٹینشن نہ لو حائل خان وقت کا پابند ہے میں وقت پر پہنچ جاؤنگا..." حائل نے اپنی بات کہ کر فون رکھ دیا اور حیات کی جانب دیکھنے لگا.... جو گاڑی کہ باہر شیشے پر جھکی ہوئی تھی۔۔

"آپ کا شکریہ آج کہ لیے۔" بلآخر اسنے شکریہ ادا کر ہی لیا... وہ شکریہ ادا کر کے گیٹ کہ اندر چلی گئی۔

حائل اسکی پشت کو دیکھ کر مسکرایا... اور پھر گاڑی وہاں سے فل سپیڈ میں بگھائی اسے ٹائم پر کورٹ بھی پہنچنا تھا۔۔

۔۔

www.novelsclubb.com

حیات گھر کہ اندر آکر سیدھا اپنے روم کی طرف جانے لگی کہ سامنے ہی اسے وردہ شاہ فل تیار اپنے پیچھے ملازم کو اپنا لگیج گاڑی میں رکھنے کی ہدایت دیتی اس کی جانب مڑی۔۔۔۔۔حیات کو ایک نظر دیکھ کر اس کہ پٹھے ہوئے ہونٹ کو دیکھا۔۔۔۔۔۔

"کہاں سے آوارہ گردی کرتی آرہی ہو۔" حیات خاموش رہی کوئی جواب نہیں دیا۔اسے ان سے اسی سوال کی امید تھی۔

اسکی جواب نہ دینے پر انہیں مزید تاؤ آیا۔۔

www.novelsclubb.com

"کس کو قتل کر کے آرہی ہو اس بار۔" انہوں نے کر کہا جیسے مزاق کر رہی ہوں لیکن حیات جو ان کہ لہجے کی کاٹ کو محسوس کر سکتی تھی۔

"میں نے کسی کا قتل نہیں کیا۔" وہ بہت نیچے آواز میں بڑبڑائی جو بمشکل وہ خود سن پائی۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس کی آنکھوں کی سامنے کہیں منظر لہرائے

رات کا وہ منظر تیار گھر گانے کی آواز لوگوں کی کلکاریاں سامنے پڑا شخص خون

وہ اپنے آپ کو دیکھ رہی تھی گبرائی ہوئی سی سہمی سی لڑکی۔لوگوں کے شور

کی آوازیں۔ قاتل قاتل قاتل۔۔۔۔ایک ٹرانس کی طرح سارے منظر

اس کے سامنے گھوم رہے تھے چہرے پر ننھے ننھے قطرے نمودار ہوئے۔

"چٹاخ۔۔۔۔" وردہ شاہ سے پڑنے والے تپڑ نے اسے واپس حال میں

پہنچا دیا۔۔۔

اس کا دماغ سن ہو رہا تھا۔۔۔

"بتمیز لڑکی میرا جواب نہیں دے رہی—" وردہ شاہ کا ہاتھ اٹھا اور ایک اور

تپڑ حیات کو مارا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات خالی خالی نظروں سے انہیں دیکھتی اپنے روم میں چلی گئی

وہ چلانا چاہتی تھی کہ اسنے نہیں مارا کسی کو وہ نہیں ہے قاتل پر

ہمیشہ کی طرح اسکے حواس نے اس کا ساتھ نہیں دیا۔

"بتمیز لڑکی۔۔" وردہ شاہ بڑبڑا کر نیچے چلی گئی۔۔۔

•••••••••••••••••

www.novelsclubb.com

"مناہل تم رات کہ اس وقت کہاں تھی۔۔؟" انداز میں سختی تھی۔۔۔۔حائل کی بات پر مائل نے آنکھیں گھمائیں وہ ریڈ کلر کہ سلیولیس شرٹ اور جینز میں ملبوس ہیوی میک اپ کیے رات کہ گیارہ بجے اس کہ سامنے کھڑی تھی۔وہ کافی ماڈرن تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کم اون بھائی ابھی صرف گیارہ بجے ہیں۔اور عیان میرے ساتھ تھا سو ڈونٹ وری۔"

"منائل کیا تم مناسب کپڑے پہن کر باہر نہیں جا سکتی۔"وہ نرمی سے اس سے بات کر رہا تھا

۔۔

"بھائی ان کپڑوں میں کیا خرابی ہے؟"

"اب یہ بھی میں تمھیں بتاؤں..؟"اب کہ زرہ سا سنجیدگی سے کہا گیا۔

"افف بھائی ضرور آپ کا دماغ اس چڑیل نے ہی خراب کیا ہو گا۔۔"منائل زور سے کہنے لگی۔

www.novelsclubb.com

"کون چڑیل۔۔۔؟"حائل کو سمجھ نہیں آیا چڑیل کا ذکر کہاں سے آیا۔

"ظاہر سی بات دی ون اینڈ اونلی آپ کی پیاری کزن حیات شاہ۔۔"

"منائل فار گاڈ سیک حیات کا یہاں پر کیا ذکر۔"حائل نے سختی سی کہا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''بھائی آپ اس کی وجہ سے مجھ سے سختی سے بات کر رہے ہیں۔''

''منائل میں تمہاری بھلائی کہ لیے تمھیں ٹوکتا ہوں تم پر سکتی کرتا ہوں اس میں حیات کہاں سے آگئی۔۔''وہ منائل کی حالت دیکھ کر نرم لہجہ میں بات کر رہا تھا۔۔وہ جانتا تھا اس وقت اس پر سختی کرنے سے صرف نقصان ہی ہو گا۔

''جاؤ روم میں۔۔''حائل نے اسے روم میں بھیجنا ہی بہتر سمجھا وہ جی کہ کر اوپر سیڑیوں کی طرف گئی۔

www.novelsclubb.com

••••••••••••••••••••••••••

''کہاں ہو یار میں تمہارے انتظار میں کھڑا کھڑا سوکھ جاؤ نگا۔''فیصل نے جنجلائٹ سے کہا۔

''آگیا ہوں تمہارے پیچھے ہی ہوں۔''یوسف کی گھمبیر مگر نرم آواز آئی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

فیصل نے مڑ کر دیکھا تو وہ اسکے پیچھے ہی کھڑا تھا۔دونوں لندن کہ ایئرپورٹ کہ باہر کھڑے تھے

۔

"تمھیں پتا بھی ہے میں کب سے تمارا انتظار کر رہا ہوں کچھ احساس ہے کہ نہیں۔"یوسف اس کہ پاس آیا تو وہ پٹ پڑا۔۔

"کتنی دیر انتظار کیا۔۔۔؟"اسے شاید تھوڑا سا برا لگا تھا۔

"پورے پانچ منٹ سے کھڑا ہوں میں یہاں۔۔"

www.novelsclubb.com

"حیرت ہے تم نے اتنی دیر میرا انتظار کیا مشکور ہوں میں آپکا فیصل ہوت۔۔"اس کہ تنظ پر

فیصل تلملا اٹھا۔اس نے کچھ کہنے کہ لیے لب کھولے ہی تھے کی کسی کی آواز پر وہ رک گیا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

" yousif!....!!! " دور سے ایک لڑکی یوسف کا نام پکارتی غصے سے ان کی جانب آ رہی تھی۔ مغربی لباس میں موجود وہ لڑکی کافی پیاری تھی۔۔

دونوں نے چونک کر اس جانب دیکھا۔۔اور دونوں نے ایک ہی ساتھ اپنی آنکھیں گھمائیں۔۔

"یہ یہاں کیا کر رہی ہے۔۔"یوسف کہ چہرے پر بیزاریت صاف دکھ رہی تھی۔

"مجھے کیا پتا تمہارے لیے ہی آتی ہے۔۔۔لو جی پہنچ بھی گئی تمہارے پاس۔۔۔۔کوٹن ہیں کیا ؟؟"فیصل نے جلدی سے یوسف سے پوچھا۔

www.novelsclubb.com

"کوٹن کی تو مجھے بھی ضرورت ہے ورنہ آج میں اس کی بکواس بلکل نہیں سنوں گا۔۔"

"یوسف تم لندن سے جا رہے ہو۔"ماریہ روتے ہوئے یوسف کہ گلے لگنا چاہتی تھی کہ۔فیصل بیچ میں آ گیا۔ماریہ نے ایک ناپسندیدہ نظر فیصل پر ڈالی۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اٹھو مجھے یوسف سے ملنا ہے۔" ماریہ کو اسکی مداخلت بلکل اچھی نہ لگی۔۔ جبکہ یوسف داد دیتی نظروں سے فیصل کو دیکھ رہا تھا۔

(اگر میں ایسے تمھارے پاس نا آنے دوں تو میرید و دن کی چھٹی کیا کہتے ہو۔؟؟") فیصل بلوچی میں کہتا یوسف کی جانب دیکھنے لگا۔

یوسف جانتا تھا وہ بلوچی اس وجہ سے کہ رہا تھا کہ ماریہ نا سمجھ سکے۔۔اور ہوا بھی یہی تھا ماریہ کنفیوزڈ سی کبھی فیصل کو دیکھتی تو کبھی یوسف کو۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ہمم ڈیل اچھی ہے پر مجھے اس سے بات کر کے سب کلیئر کرنے دو۔" یوسف فیصل کو سامنے سے اٹھاتا ماریہ کہ سامنے کھڑا ہو گیا۔

"تمھیں لگتا ہے یہ مانے گی۔؟"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کوشش کرنے میں کیا ہرج ہے۔" وہ فیصل سے کہتا ساتھ میں ماریہ کو پاس میں کچھ فاصلے پر بینچ پر بیٹھنے کا اشارہ دیا۔۔چونکہ دونوں اردو میں بات کر رہے تھے تو ماریہ کو آسانی سے سمجھ آگئی۔۔

فیصل بھی خاموشی سے اپنا اور یوسف کا لگیج لے کر ایئرپورٹ کہ اندر چلا گیا۔۔

ماریہ بینچ پر بیٹھ کر یوسف کو دیکھنے لگی جو اسکے ساتھ آکر بیٹھ گیا تھا۔۔۔وائٹ شرٹ اس کہ اوپر وائٹ جیکٹ پہنے اور بلیک پینٹ میں آنکھوں پے سن گلاسس لگائے بال بکھرے ہوئے تھے جس سے لگ رہا تھا وہ کافی ہجلت میں وہاں پہنچا تھا وہ بہت ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔۔۔ماریہ اسے دیکھنے میں مگن تھی یوسف نے گلاسس اتار کر اسکی جانب دیکھا۔۔۔

"کیا تم مجھ سے شادی نہیں کر سکتے۔۔؟"

"نہیں۔" ماریہ کو اس کا جواب پسند نہیں آیا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"وجہ؟"

"مجھے تم پسند نہیں۔" وہ اب سامنے دیکھ رہا تھا جہاں سے لوگ آ جا رہے تھے۔

"مجھ میں کیا کمی ہے یوسف۔۔"

"تم میں کوئی کمی نہیں ہے ماریہ۔۔"

"پر مجھ سے شادی کیوں نہیں کر سکتے۔۔۔؟؟"

"ماریہ ضروری نہیں جو لوگ تمہیں پسند کریں ان سے شادی کی جائے۔۔ دنیا میں بہت سے لوگ ہونگے جو تمہیں کو پسند کرتے ہونگے۔۔ کیا آپ سب سے شادی کر سکتے ہیں۔۔۔۔؟" وہ تھوڑی دیر کہ لیے رکھا اور ماریہ کو ایک نظر دیکھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"یقیناً آپکو بھی بہت سے لوگ پسند کرتے ہونگے، کیا اس وجہ سے آپ انسے شادی کر لینگی ؟؟؟" ماریہ کو یاد تھا اس کے کئیں کلاس فیلوا سے پسند کرتے ہیں پر وہ ان میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتی۔

"میں اپنے آپ کو تبدیل کر سکتی ہوں تمہارے لیے ویسی بن سکتی ہوں جیسی لڑکیاں تمہیں پسند ہیں۔۔۔"

اسے ماریہ سے اس جواب کی توقع بلکل نہیں تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ماریہ میں نرمی سے بات کر رہا ہوں سمجھ جاؤ۔ تم ایسا کر کے اپنی عزت نفس کو ختم کر رہی ہو ۔۔۔"

"میں تم سے محبت کرتی ہوں یوسف۔۔۔۔" یوسف جان گیا اس لڑکی پر کسی بات کا اثر نہیں ہونا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میں نہیں کرتا۔" آنکھوں پر گلاسس لگا کہ وہ اٹھ کھڑا ہوا اور بغیر ماریہ کی طرف دیکھے جانے لگا۔

"بہت جلدی ملیں گے پاکستان میں مسٹر یوسف حالم اور اس وقت میں آپ کو کوئی راہ فرار نہیں دونگی۔" یوسف پلٹا تو ماریہ مسکرائی ہاتھ سینے پر باندے اسے دیکھا۔

"ضرور آیئے گا میری شادی کی بریانی کھانے۔" ماریہ کو شاک میں چھوڑ کر وہ چلا گیا۔

•••••••••

www.novelsclubb.com

"حیات بیٹا آجاؤ کھانا لگ گیا ہے۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بی دروازے پر دستک دیتی اسے ڈنر کہ لیے بلا رہی تھی۔بی کی آواز سن کر حیات نے اپنا سر اوپر اٹھایا۔۔وہ آس پاس دیکھنے لگی وہ نیچے فرش پر بیٹھی گھٹنوں میں سر دیے پتا نہیں کب سوئی تھی اسے پتا ہی نہیں چلا۔۔۔

"حیات بیٹھا۔۔"حیات کے جواب نا دینے پر بی نے پرسے اسے پکارا۔۔۔

"آپ جائیں بی اماں میں فریش ہو کر آتی ہوں۔۔"حیات انہیں جواب دیتی اٹھ کر فریش ہونے چلی گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

•••••••••••••••••

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''یوسف کیا تمھیں وہ اچھی لگتی ہے۔۔۔''

''کون؟''

''ماریہ۔''

''تمھیں کیا لگتا ہے۔۔۔''یوسف اور فیصل پاکستان آ گئے تھے وہ اب ایئرپورٹ سے نکل رہے تھے۔

''مجھے تو بہت کچھ لگتا ہے اجازت ہے تو بتا دوں۔۔۔''فیصل شرارتی لہجہ میں بولا۔۔۔

www.novelsclubb.com

''تمہارے منہ سے کبھی بکواس کہ علاوہ کچھ نکلا ہے۔۔؟''

''الحمدللہ نہیں۔۔۔''اس کہ لیے تو جیسے یوسف کا یہ کہنا ایک اعزاز کی بات تھی۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف چلتے چلتے رکھا اس کی نظر سامنے کھڑے شخص پر تھی جو بلیک کلر کے سوٹ میں ملبوس ہاتھ میں بڑا سا کارڈ پکڑے ان کہ لیے ہی کھڑا تھا۔۔

"رک کیوں گئے۔۔۔؟؟"یوسف نے اسے دیکھا اور پر سامنے کی طرف اشارہ دیا۔۔۔جہاں حائل اپنی بتیسی نکالے انہیں ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔

"اسے نہیں اس کہ ہاتھ میں موجود بورڈ کو دیکو۔۔۔۔"فیصل نے اسکے کہنے پر نظریں اس کہ ہاتھ میں پکڑے بورڈ پر ڈالی۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ویلکم بیک ٹو پاکستان لیجنڈ پلس پاکستان کہ موسٹ ہینڈسم وکیل کے دوستوں۔۔۔۔"فیصل نی اونچی آواز میں بورڈ پر لکھے گئے الفاظ کو پڑا۔۔۔۔

"یے اپنی پروموشن کرنے آیا ہے یا ہمیں پک کرنے۔۔۔؟"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف اسکی بات پر مسکرا کر آگے بڑھ کر حائل سے بغل گیر ہوا۔۔۔

"کیسے ہو میرے شیروں۔۔" دونوں سے مل کر حائل نے پوچھا۔۔۔

"ہم تو بلکل ٹھیک ہیں تو بتا میرے گھوڑے کیسا ہے۔۔۔"

فیصل نے اپنی طرف سے بورڈ والا حساب لیا۔۔۔

"گھوڑوں کی طرح ہمیشہ معطاط اور فاسٹ۔۔۔" آنکھ ونک کرتا یوسف کے ساتھ باہر کی جانب نکل گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

"کمینہ مجال ہے جو کسی بات کا اثر لے۔۔۔" وہ پیچھے سے بڑبڑاتا اپنا لگیج اٹھا کر ان کہ پیچھے چل دیا۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"بی باقی سب کہاں ہیں۔۔۔؟؟؟" حیات نے بی سے پوچھا کیونکہ ڈنر پر صرف وہ اور بی ہی موجود تھے۔

"وہ بیگم صاحبہ اور صاحب باہر ملک گئیں ہیں کچھ کام سے۔"

حیات نے بی کی بات پر سر ہلایا اور کھانے کی طرف متوجہ ہو گئی۔۔۔۔۔یہ نہیں بات توڑی تھی بچپن سے ہی وہ اکیلی تھی صرف بی ہی تو اسکے ساتھ تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

•••••••••••••••••••

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''ہم کو بتاؤ نور بانو ورنہ اگر اس کے باگنے میں تمھارا ہاتھ ہوا تو ہم تمھیں جان سے مار دیگا۔۔''

شاھجان اس کے بالوں کو کھینچتے ہوئے اس پر چلا رہا تھا۔۔۔پاس کھڑا شہروز انہیں دیکھ رہا تھا اسے بھی اپنی ماں پر غصہ آ رہا تھا۔

''امان تم اسکو کیسے بگا سکتی ہو اسکی شادی تھی کل آپکو شرم نہیں آئی۔۔۔''وہ اونچی آواز میں چلایا ۔۔۔

''شرم۔۔۔ہاں کیسی شرم۔۔۔ہم کو تو اس بات پر شرم آ رہی ہے ہم نے تم جیسا اولاد پیدا کیا۔ ۔۔۔جو اپنی بہن کو اپنے ہی ہاتھوں ایک جہنم سے دوسرے جہنم بیچ رہا تھا۔۔

تمھیں زرا شرم نہیں آئی اس کا نکاح اس بیغیرت سے کرنا چاہتا تھا۔

شاھجان کو نور بانو کے یہ الفاظ اپنے بھانجے کہ لیے بلکل اچھے نہیں لگے۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ماڑا کیا خرابی ہے ہمارے بھانجے میں بتا۔۔۔"ان کو واپس بالوں سے پکڑ کر ان کہ گال پر تمانچے مارتے ہوئے پوچھا۔۔۔

"وہ شادی شدہ ہے دو بیویاں ہیں اسکی ان کا حال ہم سے چھپا ہوا نہیں وہ تو ہم سے بھی بری حالت میں ہیں۔۔"نور بانو خود نہیں جانتی تھی آج اس میں اتنی ہمت کیسے آگئی کہ وہ اتنا بول رہی تھی بنا کسی ڈر اور خوف کہ۔۔۔شاید اولاد پر جب بات آتی ہے تو مائیں شیر نیاں بن جاتی ہیں ۔۔

"دو ہیں نا اسلام نے تو چار شادیوں کی اجازت دی ہے۔۔"

"اسلام نے عورت کی رضامندی کا بھی کہا ہے اس کی عزت کا بھی کہا ہے ہم نہیں چاہتا جیسی زندگی ہم نے گزاری ہے ویسی ہماری بیٹی بھی گزارے۔شاھجان تم کو بس اپنے مطلب پر اسلام

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یاد آتا ہے ہم پر اور ہماری بیٹی پر تم نے جتنا ظلم کیا ہے ہم قیامت کہ دن تم سے ضرور حساب لے گا معاف نہیں کرے گا کبھی تمھیں۔۔۔"

"شہروز ہمارا پسٹل لاؤ بہت زبان چل رہی ہے اسکی۔۔۔ابھی بند کرتا ہوں۔۔۔اور تیری اس بغیرت کو اپنے ہاتھوں اپنے بھتیجے کے حوالے کرونگا چائے جان سے مار دے ہم کو فرق نہیں پڑتا ۔۔۔۔عورت ذات پاؤن کی جوتی کہ لیے بنا ہے یوں مرد سے زبان درازی کرنے کہ لیے نہیں ۔۔۔تم کو تو ہم بتائیگا مرد سے زبان درازی کرنے کا انجام کیا ہوتا ہے۔۔۔

شہروز نے پسٹل ان کہ ہاتھ میں دی نور بانو نے ایک آخری نظر اپنے بیٹے پر ڈالی کہ شاید اب وہ اپنی ماں کہ لیے کچھ کرے لیکن انہیں اس کی آنکھوں میں اپنے باپ کی کی گئی طربیت دیکھائی دی۔۔۔نور بانو نے آنکھیں بند کرلی ان کہ سامنے اشنہ کا چہرا لہرایا جسے وہ اپنے مرنے سے پہلے

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس جہنم سے نکال چکی تھی۔نور بانو دل میں کلمہ پڑنے لگی کلمہ کے آخری کلمات ان کی زبان پر تھے اور وہ سیدھا نیچے گر چکی تھی۔ایک اور گولی چلی اور ان کی دنیا اندھیر ہو گئی۔۔۔

"جا جا کر علان کر دے کے مر گئی ہے ایک اور مرد کی نافرمان عورت مرد کو ناراض کر کہ اللہ کو بھی ناراض کر دیا۔۔۔"وہ شہروز سے کہتے وہاں سے نکل گئے۔

شہروز دو منٹ وہاں کھڑا رہا اور پر خود بھی اعلان کرنے کے لیے مسجد کی طرف چلا گیا۔۔۔

"کیسا رہا تم دونوں کا بزنس ٹرپ۔۔؟؟"

www.novelsclubb.com

"تم کو کیا لگتا ہے۔۔۔؟؟"جواب یوسف کی طرف سے آیا۔

"اس کہ پاس دماغ ہو تو اسے کچھ لگے۔۔"فیصل نے اسے چھیڑہ۔۔۔یوسف مسکرایا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"زبان سمبھال کر بات کرو فیصل جانی تم پاکستان کہ موسٹ ہینڈسم وکیل سے بات کر رہے ہو ۔۔۔۔" بالوں میں ہاتھ پھیر کر ایک ادا سے بولا۔۔۔

فیصل نے اسکے جواب پر آنکھیں گھمائیں۔۔۔ جبکہ یوسف خاموش سا مبائل پر ٹائپنگ کر رہا تھا۔

۔۔

"بس کر اپنی محبوبہ کو دو منٹ کہ لیے چھوڑ دے۔۔ کہیں باغ نہیں رہی تیرے ہی جیب میں پڑی رہے گی۔۔۔"

www.novelsclubb.com

یوسف نے حائل کی بات پر سر اٹھایا اور مبائل جیب میں ڈالا۔۔۔ وہ اور حائل فرنٹ سیٹ پر بیٹھے تھے جبکہ فیصل پیچھے۔۔۔ حائل ڈرائونگ کر رہا تھا۔۔۔

"کیوں جیلس ہوتا ہے میری محبوبہ سے تو اپنی لے آ۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میری تو بہت جلد آئے گی انشاللہ۔۔۔" حائل نے مسکرا کر جواب دیا۔

"خبردار اگر تم نے مجھ سے پہلے شادی کی۔۔۔۔بتا رہا ہوں بھابی کو پہلی رات میں بیوہ کر دونگا۔

"فیصل آگے جھک کر اسکی طرف منہ دیے سنجیدگی سے گویا ہوا۔

"تیری شادی تک تو مجھے لگتا ہے میرے بچے بھی جوان ہو جائیں گے۔" حائل قہقہہ لگا کر بولا۔

"صحیح کہہ رہا ہے حائل تجھے ہی بڑا شوق تھا جلدی منگنی کا اب شادی کے لیے تو تجھے صبر کے گھونٹ پینے ہی پڑینگے۔۔"

www.novelsclubb.com

"یوسف تم بھی۔۔۔۔؟" اس سے پہلے کہ مزید وہ کچھ کہتے وہ دونوں کے گلوں کو ہاتھ سے پکڑے کھینچنے لگا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''یار کیا کر رہا ہے پاگل ہو گیا ہے ابھی سب مر جاتے۔۔۔''گاڑی ڈسبیلینس ہوتے دیکھ کر حائل نے ٹھوکا۔

''ابھی تک تو اسکی شادی بھی نہیں ہوئی۔۔۔''یوسف کی بات پر حائل نے قہقہہ لگایا۔

''تو تیری کونسی ہوئی ہے۔۔''گاڑی اب کہ سیدھے روڈ میں دوڑاتے اس نے کہا۔

''ابھے اس کا کا بہت سکوپ ہے انہیں تو لڑکیاں خود شادی کی آفر دیتی ہیں۔۔''فیصل چہکتا حائل کو بتانے لگا۔۔

www.novelsclubb.com

''ایک ہم ہی بیٹھے ہیں کوئی پوچھتا ہی نہیں۔۔''حائل دکھی لہجہ میں گویا ہوا۔۔جس پر فیصل نے اس کا کندھا تپتپا کر دلاسہ دیا۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تجھے پوچھنے والا کوئی نہیں ہے بھولو مت میری ایک عدد منگیتر ہے۔"فیصل فکر یہ بولا جیسے منگیتر نہیں کوئی خارون کا خزانہ ہو۔

حائل اور یوسف نے ساتھ میں قہقہہ لگایا اس کہ انداز پر۔انکو قہقہہ لگاتے دیکھ فیصل بھی مسکرانے لگا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات آئینے کے سامنے کھڑی اپنے گال کو دیکھ رہی تھی جو ابھی تک ہلکا ہلکا سرخ تھا۔۔۔۔۔وہ ڈنر کہ بعد سیدھا اپنے کمرے میں آگئی اور وہ اب آئینے کے سامنے کھڑی اپنے گال کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

"اللہ ظالم عورت کیسے مجھے تپڑ مارا ہے اللہ کرے اس کے ہاتھ ٹوٹھ جائیں بتمیز کے۔۔۔۔اللہ آپ دیکھ رہے ہیں میرا گال دیکھیے۔۔۔" وہ سر اوپر کیے کمرے کی چت کو گھورتے ہوئے اللہ سے مخاطب تھی۔۔

"میری باتوں کو سیریس مت لیجیے مجھے پتا ہے وہ میری ماں ہیں مجھے ایسا نہیں بولنا چاہیے پر آپ بھی تو دیکھیں انہوں نے کیا کیا ہے۔۔۔میں اب اگلی دفع انہیں ایسے جانے نہیں دونگی میں بتا رہی ہوں اور آپ مجھ سے ناراض بھی نہیں ہوں گے۔۔۔" وہ مسکراتی اللہ سے اپنے دل کی بات شیئر کر رہی تھی۔۔۔۔اس نے تو اللہ کو ان اندھیری راتوں میں ہی اپنا دوست بنالیا تھا جب

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اسکہ اتنا کہنے پر بھی کسی نے یقین نہیں کیا اسے اس اندھیرے میں اکیلا کر گئے تھی وہ یوں ہی اللہ سے باتیں کرتی کرتی سو جاتی تھی۔۔اور اب بھی اس نے اللہ کو اپنا راز دار بنایا تھا۔۔

"اللہ آپکو پتا ہے آپ میرے راز دار ہیں۔۔۔؟؟" وہ رکی تھوڑی دیر اس کی آواز میں نمی تھی ۔۔۔

"آپ کو تو پتا ہی ہو گا۔۔" جواب بھی خود ہی دیا۔۔۔

"میں تو آپکے سامنے رو سکتی ہوں نہ۔۔۔" اسکہ آنکھوں سے بے اختیار ایک آنسو نکلا۔۔۔

www.novelsclubb.com

"میں نے قتل نہیں کیا تھا۔۔۔آپ تو سب جانتے ہیں نہ میں نے نہیں کیا تھا۔۔۔میرے ساتھ پر بھی اتنا کچھ ہوا۔۔۔میں تو آپکی فیورٹ ہوں نہ آپ تو ستر ماؤں سے بھی زیادہ چاہتے ہیں اپنے بندے کو۔۔۔" وہ ڈریسنگ ٹیبل سے ٹیک لگا کر نیچے بیٹھی۔۔۔آنکھوں سے آنسوں جاری تھے۔۔۔ نظریں ہنوز چت پر مرکوز تھی۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اسکی سبز آنکھیں مسکرادی ایک جاندار مسکراہٹ جسے کچھ اہم چیز پالی ہو۔

"مجھے اس سب کہ بدلے آپ ملگئے۔اور مجھے جو ملا ہے اس سے بہترین چیز بھی بلا ہے کیا؟؟؟۔۔ ۔یہ تواللہ تیرے بندے تھے جنہوں نے مجھے اس اندھیرے میں پھینکا۔۔۔اللہ تیرے بندے بہت سنگدل ہیں۔۔۔آپ نے مجھے اپنا آپ دے کر وہاں سے نکال دیا بلکل ایک نیا انسان بنا کر۔۔"وہ ان دنوں کو یاد کر رہی تھی۔

"میں ستر اسال آپ سے دور رہی کبھی آپکی طرف نہیں پلٹی۔۔۔اور پلٹی بھی تو کس وقت جب یہ دنیا مجھ سے منہ موڑ چکی تھی۔۔۔لیکن آپ نے نہیں چھوڑا۔۔۔۔اللہ میں آج بھی تیری نافرمان بندی ہوں۔۔۔میں بہت گنہگار ہوں۔۔لیکن آپ تو رحیم ہین میں ناامید نہیں ہوں آپ سے۔"وہ اٹھی لائٹ اوف کر کہ بیڈ پر چھت لیٹ گئی۔۔۔کچھ دیر یوں ہی چھت کو دیکھتی رہی پر آسودگی سے مسکرا کر آنکھیں موند گئی اس کا دل ہمیشہ کی طرح اب حلقہ ہو گیا تھا۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

•••••••••••••••••

صبح سورج اپنی آبوتاب سے چمکھ رہا تھا۔۔۔ لیکں اسے کوئی پروا نہیں تھی وہ مزے سے ترچھی لیٹھی خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہی تھی۔۔۔۔ سورج بے چین ساپردوں کہ پار حلقی سی روشنی بکھیر رہا تھا۔۔۔۔ وہ یکسر سورج اور دروازے پیٹھتے ساحل سے بے خبر سورہی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"حیات۔۔!!!!!"دانت پیس کر وہ چلایا۔۔۔اور پر دروازے کو خونخوار نظروں سے دیکھا۔۔

۔اور اگلے ہی لمحے اسے ڈول کی طرح پیٹھنا شروع کر دیا۔۔۔۔

"تمھیں شریفوں کی طرح اٹھانا ہی غلط ہے۔۔۔"دروازے پیٹھتے وہ ساتھ میں بڑبڑا بھی رہا تھا

۔۔۔

حیات شور کی آواز پر ذرا سا کسمسائی اور پر پوری آنکھیں کھول دی۔۔۔وہ جانتی تھی اس انداز میں

اسے کون اٹھا سکتا ہے۔۔۔اس کی تیوری چڑھ گئی اپنی نیند خراب ہونے پر۔۔۔

www.novelsclubb.com

"اللہ میں کیا کروں اس لڑکے کا۔۔۔آ رہی ہوں دروازے توڑنے کا ارادہ ہے کیا۔۔۔"وہ

چلاتی دروازہ کھول چکی تھی۔۔۔ساحل کہ دروازہ پیٹھنے کے لیے اٹھے ہاتھ ہوا میں ہی مہلک

رے گئے۔۔۔

اور اسے یوں غصے میں کھڑا دیکھ کر پوری بتیسی دکھائی

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات کا دل چاہا ایک مکا مار کر اسکی ساری بتیسی ہی توڑ دے۔۔۔

"کیا مسئلہ ہے تمہارے ساتھ جنگلی انسان۔۔۔"

"مسئلہ تو کوئی نہیں۔۔ جلدی سے تیار ہو جاؤ۔۔۔"

"کیوں؟"

"کیا تم بھول گئی ہو حیات۔۔۔؟ کیا واقعی اوو میرے خدایا یہ کہنے سے پہلے تم گنگی کیوں نہیں ہوئی۔۔۔" ایک تو خوا بھٹوٹنے کا غم اوپر سے اس کی اداکارہ حیات کا دل کیا واقعی اسے ایک پنچ تو مار ہی دے۔

"گنگی نہیں ہوئی لیکن تمھیں بہرا ضرور کر سکتی ہوں۔۔۔ جلدی بتاؤ صباح صباح یہاں کیوں آئے ہو۔۔۔۔؟؟"

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کل کیا ہے پتا ہے؟"اس نے پر جوش ہو کر اس سے پوچھا۔

"کیا ہے۔۔۔؟؟"اس نے بیزاریت سے جواب دیا۔۔۔

"کل۔ہماری یونیورسٹی کا پہلا دن ہے ڈمبو۔۔۔"مسکرا کر اسے یاد دلایا۔

وہ سبز آنکھیں اب پوری کھول کر اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

"ہاں کل ہماری یونیورسٹی کا پہلا دن ہے افف خدایا میں کیسے بھول سکتی ہوں۔۔۔مطلب میں خود جا کر کلاسس لونگی ریگولر جاؤنگی کوئی مجھے وہاں قاتل نہیں بلائیگا۔۔"وہ روانی میں کہتی اس بات سے بی خبر کے وہ کیا بول رہی۔دونوں نے ساتھ ماسٹر کہ لیے ایڈمیشن کیس تھا بلکہ دونوں نے نہیں چاروں نے....

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ساحل کو اسکی آخری بات ناگوار گزری۔ لیکن اس نے کہا کچھ نہیں۔ وہ اب پرجوش سی اسے دیکھ رہی تھی۔۔

"جاؤ یہاں سے موٹے گینڈے مجھے تیار ہونا ہے اتنی ساری چیزیں لینی ہیں۔۔۔" وہ ساحل کو پیچھے دھکیلتی دروازہ اس کہ منہ پر بند کر کہ تیار ہونے چل پڑی۔

ساحل تو اسکا موٹا گینڈا کہنے پر صدمے میں چلا گیا۔۔

وہ آگے بڑا اور مبائل نکال کر فرنٹ کیمرہ اون کیا۔۔

www.novelsclubb.com

اپنے چہرے کو دائیں بائیں کر کہ دیکھا پر ایک نظر اپنی جسامت۔۔ وائٹ شرٹ اور بلو جینز پہنے اپنے کھڑے نکوش کے ساتھ وہ وجیہہ لگ رہا تھا۔۔۔ وہ موٹا تو نہ تھا وہ فٹ تھا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"امم میں تو اتنا ہینڈسم ہوں کہاں سے لگتا ہوں اس اندھن کو موٹا گینڈا۔۔۔"مبائل جیب میں اڑسا۔۔۔

"بڑی آئی پھولی ہوئی آلو۔۔۔"

وہ اب سیٹھی بجھاتا سیڑیوں سے نیچے اتر رہا تھا۔۔وہ کوئی دن بجا رہا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

•••••••••••••••••••

"اندر نہیں آئو گے حائل۔۔۔؟؟"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"نہیں ایک ضروری کیس ہے لیٹ نہیں ہو سکتا۔۔۔اور تمھیں تو پتا ہے حائل خان ٹائم کا کتنا پابند ہے۔۔۔"ایک ادا سے بول کر فیصل سے بگل گیر ہوتا پیچھے ہٹا۔۔

"فریش ہو کر چلے جانا کب سے ہمارے ساتھ خوار ہو رہے تھے۔"یوسف نے اس کہ تھکے ہوئے حلیے کو دیکھ کر کہا۔

حائل نے رسٹ واچ پر نظر گھمائی ابھی اسکہ پاس ایک گھنٹہ باقی تھا۔آدھا گھنٹا اسے جانے کا لگتا ۔

www.novelsclubb.com

"اوکے تم جلدی سے لنچ تیار کرو میں پانچ منٹ میں فریش ہو کر آیا۔"

"لنچ ابھی دو گھنٹے پہلے ہی تو کیا تھا۔۔"فیصل نے اس کہ پیٹھ کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"یوسف فیصل نہیں کھا رہا اس کا کینسل۔۔۔"اس نے بنا مڑے ہانک لگائی۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کمینا!!۔۔"فیصل بڑبڑایا۔۔

اور پر اس نے اور یوسف نے حالم ولا کے اندر قدم رکھے۔۔مین گیٹ عبور کرنے پر ایک وسیع گارڈن تھا جہاں پر پھول اور کئی درخت ترتیب سے لگے تھے نہ تو وہ بڑے نہ چھوٹے،ایک جھولا رکھا ہوا تھا وہ بہت سکون والی جگہ تھا وہ اس گارڈن کو مزید خوبصورت بنا رہا تھا۔۔اور دوسری طرف صرف نرم گھاس بچھی ہوئے تھی اس طرف بس ایک ٹیبل اور کچھ کرسیاں رکھی ہوئی تھی۔۔۔وہ دنوں بیچ میں بنے راستے پر چل رہے تھے۔۔۔فیصل نے گردن گھما کر یہاں وہاں دیکھا۔۔۔اور پر گھر کہ اندر داخل ہو گئے۔۔

گھر بھی بلکل صاف ستھرا تھا لاؤنج کے بیچوں بیچ صوفوں کے درمیاں ایک گھول سی ٹیبل اور سامنے دیوار پر بڑی سی ایل ہی ڈی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"شھیر نے بڑا اچھا خیال رکھا ہے گھر کا۔۔۔" وہ متاثر ہوا

کیونکہ اس نے آخری دفع گھر کو جس حالت میں دیکھا تھا وہ اب بھی ویسے ہی تھا۔

"شھیر میری غیر موجودگی میں ذمیدار ہو جاتا ہے۔۔"

"واقعی مجھے توقع نہیں تھی کہ وہ اتنا ذمہدار ہے۔۔۔مجھے اب سمجھ آرہا ہے۔۔۔"

"کیا۔۔۔؟؟" یوسف مصروف سا بولا۔۔

"یہی کہ تم نے اپنا بزنس اسکے حوالے کیوں کیا۔۔۔" یوسف نے لندن جانے سے پہلے یہاں کے سارے کام شھیر کے حوالے کر دیے تھے جس کی فیصل کو کچھ بھی سمجھ نہیں آئی لیکن وہ وہاں سے یہاں کی ساری ڈیڈ یلز لیتا رہا تھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''اب جاؤ فریش ہو جاؤ تم بھی میں ناشتہ بناتا ہوں۔۔'' بلکل فرو فیشنل انداز میں کہا جیسے کوئی شیف ہو۔۔

''آملیٹ کہ علاوہ کچھ بنانا تو آتا نہیں تمھیں بڑا آیا ناشتہ بناتا ہوں۔۔۔''فیصل نے کہ کر آخر میں اسکی نکل اتاری

''شکر کرو مجھے وہ تو آتا ہے اپنی سوچ تجھے تو انڈا توڑنا بھی نہیں آتا۔۔۔''آخر میں اس پر طنز کیا۔۔

''میں جا رہا ہوں فریش ہونے۔۔''اپنے اوپر بات آتے دیکھ وہ جلدی نو دو گیارہ ہو گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

انشہ گھبرائی ہوئی سے ٹرین میں بیٹھی باہر دوڑتے نظاروں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔آنکھیں باہر کے مناظر پر ٹکھائے ہوئے دماغ کسی اور ہی سوچ میں مصروف تھا۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''اللہ اماں کی حفاظت کرنا۔''رہ رہ کر اپنی ماں کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی۔۔۔وہ جانتی تھی اس کا باپ ایسے چھوڑنے والا نہیں تھا اس کی ماں کو۔

اسے اپنی ماں سے آخری ملاقات یاد آ ہی۔۔۔

''انشہ میری بچی تو یہاں سے چلی جا باگ جا۔''انشہ جو کونے میں بیٹھی اپنی بد قسمتی پر رو رہی تھی ان کی بات پر حیرت سے چہرا اٹھا کر ان کی طرف دیکھا۔۔

''اماں تو کیا بول رہی ہے کل میرا نکاح ہے۔۔۔''

www.novelsclubb.com

''یہ نکاح نہیں ہے انشہ تیری زندگی کی بربادی ہے تجھے بشیر کا پتا ہے وہ کتنا کمینہ انسان ہے۔۔۔ اس نے جو اپنی بیویوں کا حشر کیا ہے میں تجھے ایسے نہیں دیکھ سکتی۔۔۔''وہ رونے لگی۔۔

''اماں۔۔۔''اس نے انکو روتے دیکھ تڑپ کر پکارا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تو چلی جا میری بچی تو چلی جا۔۔۔" وہ اسکی منتیں کر رہی تھی۔

"اماں میں کیسے چلی جاؤں ابا لا کیا تجھے نہیں پتا وہ کیا حشر کریں گے میرا۔" زیادہ رونے کے باعث اسکی ناک اور آنکھیں گلابی ہو چکی تھی سفید رنگت میں ہر جگہ گلابی پن گل گیا تھا۔۔

"تیرا ابا بھائی انسان نہیں حیواں ہیں۔۔۔ انہوں نے تجھے کبھی خوش نہیں ہونے دیا انہوں نے تجھ سے تیرا بچپن چھینا میں کچھ نہیں کر پائی۔۔۔ تجھ پے ہاتھ اٹھایا میں کچھ نہیں کر پائی۔ لیکن اب تیری زندگی کہ ساتھ کھیل نے نہیں دے سکتی میں۔"

www.novelsclubb.com

انشہ کی آنکھوں میں بے اختیار بچپن کہ مناظر گھومنے لگے جب ساتھ سال کی انشا گلی میں بچوں کہ ساتھ کھیل رہی تھی۔۔۔ اچانک اس کے باپ نے آخر سختی سے اس کا بازو پکڑ کر اسے بالوں سے گھسیٹتا ہوا گھر کہ اندر لے گیا۔۔ وہ رو رہی تھی اسے درد ہو رہا تھا لیکن انہیں ان پر رحم نہیں آیا۔۔ گھر کے اندر آخر اس کو زمین پر پھینک دیا

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور پاس پڑا ڈنڈا اٹھا کر اسے مارنے لگ گئے۔۔۔۔

"بے شرم۔۔۔شرم نہیں آتا تمہیں باہر گلیوں میں آوارہ گردی کرتا ہے تم۔۔۔ہم تو کہتا تھا عورت ہوتی ہی پہر کی جوتی بنانے کہ لیے۔۔۔تجھے تو اسی وقت مار دینا چاہیے تھا جب تم پیدا ہوا تھا۔۔۔نہ جانے آگے کیا کیا گل کھلائے گی۔۔۔"اس کو مسلسل مارتے ہوئے وہ بول رہے تھے۔۔

نور بانو شور کی آواز سن کر باورچی کھانے سے باہر نکلی تو سامنے کا منظر دیکھ انکی ہاتھ پاؤں کانپنے لگئے۔۔

www.novelsclubb.com

"یااللہ خیر۔۔۔اب یہ اپنا غصہ انشہ پے اتارے گا۔"

وہ باگ کر سیدھا انشہ کو اپنی باہوں میں بر لیا۔۔۔جو ڈنڈھا انشہ کو مارنے کے لیے اٹھا تھا وہ سیدھا نور بانو کی پیٹ پر لگا وہ چلائی نہیں ہونے تو عادت تھی ان سب کی۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''نور بانو سامنے سے ہٹو۔۔''

''شاھجان کیا ہوا ہے کیوں مار رہا ہے انشہ کو۔۔؟؟؟''

''یہ بغیرت گلی میں کیا کر رہی تھی ہم کو بتاؤ۔۔''

''یہ بچی ہے ابھی کھیلنے گئی تھی۔۔''انشہ کے لرزتے وجود کو سہلاتے بلکل دیمی آواز میں کہا۔۔

''اب تم ہم سے زبان درازی کریگا ہم کو پتا ہے یہ کتنی بچی ہے۔۔''ایک قہر برساتی نگاہ انشہ پر ڈال کر نور بانو کو بالوں سے پکڑ کر کمرے کے اندر لے گئے۔۔اور پر ان کی رونے کی آوازیں اور شاھجان کی مارنے کی آوازیں وہ باہر کھڑی سن رہی تھی۔۔۔یہ اسکے لیے نہیں بات نہیں تھی وہ مار تو بچپن سے ہی کاتی آرہی تھی اور اپنی ماں کو مار کھاتا دیکھتی بھی لیکن اس قدر کبھی مار نہیں کھایا تھا

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس نے۔۔

"اماں میں نہیں باغ سکتی وہ تجھے مار دیگا۔۔" وہ خیالوں سے نکل کر اب حواس باختہ سی کہ رہی تھی۔۔

"تو چلی جاانشہ تو چلی جا اگر تو نہ گئی تو تجھے اس حالت میں دیکھ کر میں کبھی جی نہیں پاؤ نگی۔۔۔۔ ی۔۔یہ غم مجھے کبھی جینے نہیں دیگا کہ میں نے اپنی بیٹی کہ لیے کچھ نہیں کیا۔تو چلی جا تجھے میرا واسطا۔۔"

www.novelsclubb.com

رونے سے انکی اچکی بند گئی تھی۔۔

"ام۔۔۔ان۔۔" وہ بھی رو رہی تھی کیا باپ اتنے بے حس ہوتے ہیں کیا بھائی اتنے بی حس ہوتے ہیں۔۔۔یا پر مرد ایسے ہی بے حس ہوتے ہیں۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف ان کہ ساتھ بیٹھ گیا اس نے اپنی ماں کو ایک نظر دیکھا پر جیسے وہ سانسیں لینا بھول گیا ان کا جلا ہوا وجود اس کی آنکھوں میں جیسے جلن سی ہونے لگی اگر اس سے کوئی اس وقت پوچھتا کہ زندگی کا سب سے تکلیف دے لمحہ کیا ہوتا ہے تو وہ کہ دیتا اپنی ماں کو اس حالت میں دیکھنا۔

وہ اپنی سوچوں میں گم تھا کہ فون پر آتی کال نے اسے خیالوں سے نکالا۔

www.novelsclubb.com

"بولو حائل..." حائل کچھ سیکنڈ خاموش ہوا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''حیات کیسی ہے اب؟؟''

"ابھی تک ہوش میں نہیں آئی۔'' حائل نے اس کہ جواب پر گہرا سانس بھرا۔

''ہم جنازہ نماز ادا کر رہے ہیں ابھی۔''

www.novelsclubb.com

"لیکن....'' یوسف نے کچھ کہنا چاہا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"یوسف ان کی حالت ایسی نہیں کہ انہیں مزید ایک منٹ بھی رکھا جائے۔" یوسف خاموش ہو گیا حائل کی بات درست تھی۔

فون رک کر اس نے حیات کو دیکھا جو آنکھیں موندے اس دنیا سے بے خبر تھی۔

اس نے حیات کا ایک ہاتھ اپنے مضبوط ہاتھوں کی احسار میں لیا۔

www.novelsclubb.com

"ابھی میرے پاس آئی ہو اور دیکھو کیا ہو گیا۔" وہ طنزیہ مسکرایا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"مجھے نہیں پتا میں کیا کروں لیکن میں اپنے اس رب کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے صحیح موقعے پر تمہیں میری قسمت میں لکھا.... ورنہ نا جانے اس گھر میں اور کون کون ہوتا۔" اس کا ہاتھ اس نے یوں ہی پکڑے رکھا۔ نہ جانے کیوں اسے اس لڑکی سے الگ قسم کی انسیت محسوس ہوئی وہ کبھی انجان لگی ہی نہ تھی۔

"یہ کیسے ہو سکتا ہے۔" عمیر نے زور سے فون دیوار پر دے مارا۔

www.novelsclubb.com

"مجھے وہ زندہ چاہیے..... زندہ مطلب زندہ۔" وہ انگلی اٹھا کر اپنے سامنے کھڑے ہر شخص کو سخت نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"عمیر اس کا کچھ پتا نہیں چلا وہ اپنے ماں باپ کے دفنانے کی وقت تک وہاں پر نہیں تھی۔" پیچھے سے آتے سہیل نے اسے اطلاع دی۔

"وہاں ہر نہیں تھی تو کہاں تھی پتا کرو۔" وہ دھاڑا۔

"عمیر وہ لڑکی ہمیں مل جائیگی، اب ہم دوسرے معاملات پر بات کریں؟؟" اس نے ایک سخت نظر سے اسے نوازا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میں تھک گیا ہوں جو بات ہو گی اب کل ہو گی۔" وہ کہتے ساتھ پلٹا۔ سہیل مٹھیاں بھینچے وہی کھڑا رہا۔

اس وقت ہیشم خان لوگوں کے ہجوم میں کھڑے سب سے تازیت وصول کر رہے تھے ان کہ چہرے پر ایک گہرا قرب تھا اپنی بہن سے آخری دفعہ اس لہجے میں بات کرنے کا۔

www.novelsclubb.com

حائل ان کہ پاس آخر کھڑا ہو گیا۔

"حیات کیسی ہے...؟؟؟" انہوں نے اپنے بیٹے سے پوچھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"بہتر ہے۔"

"ہیثم صاحب اللہ کا شکر ہے کہ بچی وہاں نہیں تھی ورنہ نہ جانے کیا ہوتا۔" ایک آدمی نے کہا باقی سب نے بھی سر ہاں میں ہلا کر اس کی بات سے اتفاق کیا۔

www.novelsclubb.com

"خدا کا شکر ہے۔" ہیثم خان نے ذرہ سا مسکرا کر کہا۔

"میری بھتیجی بلکل ٹھیک ہے۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''عیان.!!!''مناہل سیدھا اس کی سامنے کھڑی ہو گئی۔

"کیا بات ہے مناہل؟؟''عیاں نے اسے اپنا راستے روکنے کی وجہ پوچھی۔

"کیا تم حیات سے ملے؟؟''اس نے ذرہ سا ادھر ادھر دیکھ کر کہا۔

''نہیں مصروفیات کی وجہ سے ٹائم نہیں ملا.''اس کہ لہجے میں زرہ سا دک تھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تم جانتے ہو اس کا نکاح ہو گیا ہے۔" منائل نے اپنی طرف سے بم پوڑا تھا لیکن سامنے والے کے تعصرات سے لگا نہیں تھا کہ یہ واقعی بمب تھا۔

"نکاح بھی ہو چکا ہے اور رخصتی بھی اب ہٹو سامنے سے۔" مناہل کو بازوؤں سے پکڑ کر سائڈ پر کیا

۔

www.novelsclubb.com

"تمہیں کیسے پتا؟؟؟" منائل اس کے پیچھے پیچھے چلنے لگی۔

"تمارے کہ ابا حضور نے نظر رکھنے کو کہا تھا۔" اس نے بھی بغیر پلٹے جواب دیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''تو تم جانتے ہو وہ کون ہے؟؟''منائل نے اشتیاق سے پوچھا۔

''حائل کا دوست ہے۔''عیاں اپنے کمرے کہ اندر دروازے پے ہاتھ رکھ کر کھڑا ہو گیا۔

"بھائی کا دوست کون''منائل وہی باہر کھڑی رہی۔

"یوسف۔''اس نے کہتے ساتھ دروازہ بند کیا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مناہل ہاں میں سر ہلاتی وہاں سے جانے لگی وہ چند قدم ہی چلی تھی کہ سب سمجھ کر اسکی چیخ نکلی۔

"کیا یوسف کیسے؟؟" وہ خود سے بڑبڑاتی وہاں سے چلی گئی۔

یوسف اس کہ پاس بیٹھا فون پر کسی سے بات کر رہا تھا اس کی آواز دھیمی تھی۔

www.novelsclubb.com

حیات نے آنکھیں کھول کر چند پل اسے دیکھا جیسے پہچاننے کی خوشش کر رہی تھی اس کہ ذہن میں دھیرے دھیرے ساری باتیں چلنے لگی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف نے کال کاٹ کر اس کی طرف دیکھا اسے آنکھیں کھول کر اپنی جانب متوجہ پا کر اس نے سائل پاس کی اس کا یک طرفہ گھڑا وا ضع ہوا۔

"امی...ابو...؟" وہ دھیرے دھیرے الفاظ ادا کر رہی تھی جیسے کسی بات کا خدشہ ہو۔

"دماغ پہ زور نہ ڈالو پہلے کچھ کھالو۔" یوسف نے سائڈ پر رکھا ٹرے اٹھا کر اس کے سامنے کیا۔

www.novelsclubb.com

"مجھے نہیں کھانا مجھے ان کہ پاس لے چلو۔" یوسف نے اس کی سبز آنکھوں میں دیکھا جو اس وقت زندگی کی رمق اور جذبات دونوں سے خالی تھے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کھانا کھالو پھر میں لے جاؤنگا۔"یوسف نے ٹرے مزید آگے کی۔

حیات کچھ پل اسے دیکھتی رہی پر سینڈوچ اٹھا کر کھانے لگی یوسف نے اطمینان کا سانس خارج کیا۔

www.novelsclubb.com

"اب چلیں.."یوسف نے ایک نظر ٹرے کو دیکھا جہاں ابھی تک آدھے سے زیادہ کھانا بچا تھا۔

"چلو..."اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے اٹھنے میں مدد دی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''سر وہ قاسم شاہ اور ان کی بیوی کا ڈیتھ ہو چکا ہے۔''احمد نے عظیم حالم کو اصطلاح دی۔

"کیسے؟؟''انہوں نے تعجب سے احمد کو دیکھا۔

"ان کہ گھر میں آگ لگ گئی تھی۔''عظیم حالم کچھ پل کو ٹھٹکے پر جلد ہی خود پر قابو پا کر احمد کو دیکھا۔

''کیا وہ لڑکی بھی..؟؟''انہوں نے اپنا سوال ادھورا چھوڑا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"نہیں سر وہ یوسف کہ ساتھ ہے یوسف نے نکاح کہ بعد سیدھا رخصتی کا کہا تھا۔"احمد ان کی سامنے کھڑا ان کی سوالوں کا جواب دے رہا تھا۔

"رخصتی..."روکنگ چیئر پر ٹیک لگا کر وہ بڑبڑائے۔

www.novelsclubb.com

ایک نظر احمد کو دیکھا جو انہیں ہی دیکھ رہا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اچھی بات ہے احمد ان کی ڈیتھ ہمارے لیے فائدہ مند صابت ہو گی جس پر اپر ٹی کا ہم نے ان سے وعدہ کیا تھا اب وہ ہماری ہی رہے گی۔" عظیم حالم نے مسکرا کر کہا۔

"سر آپ کو نہیں لگتا یہ کچھ گھڑ بڑ ہے۔" احمد نے اندر پلتے سوال کو زبان دی۔

"کیا گھڑ بڑ ہو سکتی ہے احمد وہ ایک حادثہ تھا بات ختم ہمیں ان سے کوئی لینا دینا نہیں... تم میٹنگ کی تیاری کرو۔" احمد اثبات میں سر ہلاتا وہاں سے نکل گیا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات ان کی قبر کے سامنے گھٹنوں کی بل بیٹھ گئی اس کی آنکھیں اب خشک تھی یوسف نے پریشانی سے اسے دیکھا قبرستان سے تھوڑے فاصلے پر بچے کرکٹ کھیل رہے تھے

وہ کچھ نہ بولی کہیں پل یوں ہی خاموشی میں بیت گئے کہ گیند اڑتی ہوئی سیدھا حیات کی ماتھے پے لگی بچے اس جانب آئے اپنی گیند لینے۔

www.novelsclubb.com

حیات ماتھے پر ہاتھ رکھے باآواز زور زور سے رونے لگی اتنی زور سے کہ وہاں آتے بچے ڈر کر یوسف کو دیکھنے لگے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"باجی غلطی سے لگا ہم نے جان بوجھ کر نہیں کیا۔"ان میں سے ایک بچے نے شرمندگی سے کہا

۔

یوسف نے جھک کر بال اٹھا کر ان کی جانب پھینکا بول ملتے ہی سارے بچے نو دو گیارہ ہو گئے۔

یوسف نے اسے بازوؤں سے اٹھا کر اس کا ہاتھ ماتھے سے ہٹھایا۔

www.novelsclubb.com

"درد ہو رہا ہے..؟؟"اس نے نرمی سے پوچھا۔حیات کے رونے میں اور شدت آ گئی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"بہت درد ہو رہا ہے۔" یوسف جانتا تھا یہ درد کہاں ہو رہا ہے۔

حیات اس کی سینے میں منہ چھپا کر رونے لگی یوسف کا سانس تک رک گیا وہ کچھ پل یوں ہی کھڑا رہا پر اسے اپنے بازوؤں میں بھر کر اس کی پیٹ تپکنے لگا۔

"کچھ نہیں ہوا ابھی درد ختم ہو جائے گا۔" اس کی پیٹ سہلاتے اس نے نرمی سے کہا۔

www.novelsclubb.com

"ایسے کم نہیں ہو گا وہ کیسے جا سکتے ہیں ابھی تو انہوں..... انہوں نے مجھ سے محبت کرنی تھی

.... مجھے محبت سے گلے لگانا تھا... وہ کیسے ایسے جا سکتے ہیں..... وہ کیسے... انہوں نے کہا تھا

..... انہوں نے کہا تھا میں تم سے شادی کر لوں..... میں نے ان کی بات مان لی میں نے مان لی

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

انکی بات.....اب ان سے کہو نا کہ اٹھ جائے.....مجھے ان کی محبت کی ضرورت ہے..."وہ

ہچکیوں کے درمیاں بولتی مسلسل رو رہی تھی اب کہ بولنا دشوار ہو گیا تو وہ بے آواز رونے لگی۔

یوسف اسکی پیٹ تھپکھتا رہا اس نے اسے رونے دیا۔

جب وہ رو رو کر تھک گئی تو وہ اس کی حصار سے نکلی سبز آنکھوں میں آتی نمی کو صاف کیا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف غور سے اسے دیکھنے لگا۔پر اس سے دعا کا کہا حیات نے ہاتھ دعا کہ لیے اٹھائے۔اس نے دعا مانگ کر یوسف کو تلاشنا چاہا جو اس کہ پاس نہ تھا وہ دور کہیں کسی قبر کہ سامنے کھڑا دعا کر رہا تھا...شاید کسی جاننے والے کا تھا حیات اس طرف بڑی۔

اس نے قبر پر نام پڑھ کر نا سمجھی سے یوسف کو دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"ہانیہ عظیم حالم؟"یوسف نے مسکرا کر اسے دیکھا۔

"میری امی ہیں.."

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ایسی باتیں مسکرا کر نہیں بتائی جاتی۔" حیات کو اس کی مسکراہٹ بہت عجیب لگی۔

"مسکرانے سے شاید آپ کا غم کسی پر عیاں نہ ہو۔" یوسف نے کندھے اچکا کر اس کا جواب دیا۔

"مصنوئی مسکرائٹیں آپ کو عیاں کر دیتی ہیں۔" حیات کی جواب پر وہ کچھ پل ٹھٹکا پر مسکرا دیا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"مصنوئی مسکراہٹیں انہی کہ سامنے عیاں ہوتی ہیں جو انہیں پڑھنے کا ہنر رکھتے ہوں۔" حیات نے اسے دیکھا جواب اپنی ماں کہ قبر کہ سامنے گھٹنوں کہ بل بیٹھ گیا اور ایک ہاتھ بڑا کر حیات کی طرف ہتھیلی پھیلائی۔

حیات نے ایک نظر اس کی اپنی جانب کھولی تھیلی پر ڈالا پر اس نظر انداز کرتی اس کی ساتھ آخر بیٹھ گئی۔

www.novelsclubb.com

یوسف ایک بار پر مسکرا دیا اب کہ اس کہ ڈمپل نے بھی اپنی جلک دکھائی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"آپ کی بہو حیات یوسف حالم..." اس نے جیسے اس کا تعارف کرایا۔ حیات نے اس کی بات پر اسے دیکھا پر سر جھٹک گئی کونسا غلط کہ رہا تھا۔

یوسف نے گردن پھیر کر اسے دیکھا.... کیا یہ چاہتا ہے میں کچھ بولوں؟

"السلام و علیکم آنٹی..." حیات اس کہ دیکھنے پر فوراً بولی یوسف نے اپنے قہقہہ کا گہلا گھونٹا اور پر سنجیدگی سے اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"کیا مجے کچھ اور بھی کہنا چاہیے؟؟" حیات نے معصومیت سے پوچھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"یہ تمھارا جواب نہیں دیں گی دیاں رکھنا اگر واقعی جواب آگیا تو تم گونگی ہو جاؤ گی۔"یوسف کی بات کا مفہوم سمجھ کر وہ فوراً کھڑی ہوئی اور آس پاس دیکھنے لگی مغرب کا وقت ہو چکا تھا، قبرستان میں ان کہ علاوہ کوئی بھی نہیں تھا اس نے اپنے قدم گاڑی کی جانب لیے۔

پیچھے یوسف چہرہ جھکا کر ہنس پڑا"ڈرپوک..."وہ بڑبڑاتا ہوا اس کہ پیچھے چلدیا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس نے ایک نظر اپنے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھی حیات پر ڈالی جواب کافی پر سکوں دکھ رہی تھی

شاید وہ جلدی باتیں بھول جانے والوں میں سے تھی یا قسمت کو قبول کرنے والوں میں سے

یوسف نے پر سوچ نگاہوں سے اسے دیکھا۔

"کافی بہتر لگ رہی ہو.." اس نے بل آخر کہا۔

www.novelsclubb.com

"تم چاہتے ہو میں بس روتی رہوں؟؟ قسمت کہ ساتھ تو میں لڑھ نہیں سکتی اللہ کی چیز تھی اللہ

نے لے لی اور اپنا غم دوسروں پر عیاں کرنے سے انسان کمزور پڑ جاتا ہے۔" اس نے سکوں سے

جواب دیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"روتی ہوئی زیادہ اچھی لگتی ہو.."یوسف نے اسے چھڑانے کی لیے کہا۔

"مطب ویسے اچھی لگتی ہوں اور روتے ہوئے زیادہ اچھی تو مطلب تمہیں میں اچھی لگتی ہوں۔

"یوسف نے حیراں ہو کر اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"نہیں ویسے بس ٹھیک ہی ہو۔"اس نے سمبھل کر جواب دیا۔وہ اتنی جلدی اس سے فرینک ہو جائیگی اسے امید نہ تھی اور نہ ہی خود سے کہ وہ اتنی جلدی اس سے گل مل جائیگا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اچھا...."اس نے اچھا ہر کافی زور دیا۔

حیات نے اسے دیکھا پر سر کھڑکی پر ٹکا کر باہر گھومتے نظاروں کو دیکھنے لگی۔

کیا کچھ۔ہو گیا تھا اتنی جلدی اس کی زندگی میں اس کہ ماں باپ جنہوں نے اسے پالا اب دنیا میں نہیں رہے تھے اس کی زندگی میں یوں ایک نئے شخص کا آنا...

www.novelsclubb.com

اسکی آنکھیں سرخ ہونے لگی تھی وہ جتنا خود کو کمپوز کرتی لیکن کیا اتنی جلدی اتنے سارے غم بلائے جا سکتے تھے؟؟اس نے آنکھیں موندلی شاید ان سبز آنکھوں کی سرخی چھپانے کہ لیے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بند آنکھوں سے اسکہ لبوں پر ہلکی سی جنبش ہوئی شاید وہ شکر ادا کر رہی تھی لیکن کس بات کا؟؟؟

یا کس کس بات کا۔

"اللہ آپ جو کرتے ہیں وہ ہمیشہ بہتری کہ لیے ہوتا ہے میرا اس گھر سے جانا...اگر میں بھی وہی ہوتی تو شاید میری بھی لاش ابھی ایسی جلی ہوئی ملتی اے میرے رب مجھے تیری چاہ میں راضی ہونے کی توفیق دے مجھے صبر دے یااللہ جو میرے عزیز تیرے پاس آچکے ہیں ان کی مغفرت فرما۔" وہ بند آنکھوں سے بغیر لبوں کو جنبش دیے اپنے رب سے ہم کلام تھی۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ جیسے ہی گھر میں داخل ہوئی تو سب کہ ساتھ نائمہ بیگم کو دیکھ کر سیدھا جا کر ان سے گلے ملی۔

"کیسی ہے میری بیٹی.."، انہوں نے محبت سے پوچھا۔ حیات نے کوئی جواب نہیں دیا یوسف نے سب کو باآواز سلام کیا۔

"کیا تم ٹھیک ہو..؟؟" انہوں نے حیات کی لرزتے وجود کو دیکھا شاید وہ رو رہی تھی۔

www.novelsclubb.com

"کیسی ہو انشہ...؟؟" اس نے سب کا دھیان اس طرف سے ہٹانا چاہا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ٹھیک ہوں یوسف بھائی۔" انشہ کی بھی آنکھیں ذرہ سی لال ہو گئی اسے حیات کو یوں دیکھ کر اپنی امی کی یاد آ گئی۔

نائمہ بیگم نے ایک ہاتھ سے سب کو باہر جانے کا اشارہ دیا جسے سب سمجھ کر وہاں سے چلے گئے انہیں خدشہ تھا کہ وہ سب کہ سامنے اپنے اوپر بہت ضبط رکھے گی جو یقیناً اچھا نہ تھا سب چلے گئے یوسف وہی کھڑا رہا۔

www.novelsclubb.com

نائمہ بیگم نے ایک ابرو اٹھا کر اسے دیکھا وہ مسکرا کر ان سے تھوڑے فاصلے پر سنگل صوفے پر بیٹھ گیا اب کہ نائمہ بیگم بھی مسکرا دی وہ اس کی آنکھوں میں حیات کہ لیے فخر بخوبی دیکھ سکتی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ہششش بیٹا کیا ہوا ہے...؟؟" انہوں نے ابھی تک اپنے سینے سے لگی حیات کا پیٹ تھپک کر نرمی سے پوچھا۔

"مجھے.... کچھ س سمجھ نہ... نہیں آرہا." وہ ہچکیوں کی درمیاں بمشکل بولی۔

www.novelsclubb.com

"کیا سمجھ نہیں آرہا...؟؟" انہوں نے اس کو چہرا اٹھا کر اپنے ہاتھ کے پیالے میں بھرا حیات نے اپنی روئی روئی سے سبز سوجھی آنکھیں اٹھا کر انہیں دیکھا وہ ان کی سامنے ہمیشہ ہار جاتی تھی اور سب کچھ بیاں کر دیتی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میرے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے...." اب کہ آنسوؤں کی روانی میں زرہ سا ٹھہراؤ آ گیا تھا۔

نائمہ کچھ نہ بولی اس کے آگے بولنے کا انتظار کیا.

"پہلے نکاح.....پر رخصتی پر ماما بابا...مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا۔"

"یہ سب ایسے ہی ہونا لکھا تھا۔" حیات نے انہیں دیکھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"موت تو برحق ہے اور اس کا جو وقت مقرر ہے وہ اس وقت ہر ہی آتا ہے..." انہوں نے حیات کو دیکھا۔

"اللہ تمہیں کسی مظبوط رشتے میں باندھ کر تمارے امی ابو کو لے گئے..." انہوں نے پیار سے کہا حیات جیسے جیسے ان کی بات سمجھ رہی تھی وہ دل ہی دل اللہ کا شکر ادا کر رہی تھی۔

www.novelsclubb.com

"حیات تم ان کی مغفرت کی دعا کرو اور اگر ہو سکے تو ان کو معاف کر دو..." نائمہ نے اسے محبت سے دیکھ کر کہا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میں انہیں پہلے ہی معاف کر چکی ہوں چاہے انہوں نے جو بھی کیا تھے تو وہ میرے ماں باپ ہی ..."حیات کہ کر پرسے ان کہ گلے لگی۔

یوسف نے ایک نظر اسے دیکھا۔

"تمہیں یوسف کیسا لگتا ہے..؟؟؟"ان کی اس بات پر جہاں یوسف نے بمشکل اپنی کھانسی روکی وہی حیات فوراان سے الگ ہوئی۔

"مجھے نہیں پتا...."دونوں ہاتھوں کو آپس میں ملائے اس نے جواب دیا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اب تمارا شوہر ہے تمہیں اس کا خیال رکھنا چاہیے.." وہ کسی ماں کی طرح اسے ہدایت دے رہی تھی۔

"مجھے یہ سب قبول کرنے کہ لیے وقت چاہیے۔" اس نے وہی بات کئی جو اس کی دل میں تھی یوسف اسے دیکھتا رہا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تم اسے جتنا جلدی قبول کرو گی اتنی ہی جلدی اپنی نئی زندگی کا آغاز کر سکو گی۔" حیات نے ان کی بات پر یہاں وہاں دیکھا اور اس کی نظر دوسرے صوفے پر آرام سے بیٹھے یوسف پر پڑی جو بڑے مزے سے ان کی بات سن رہا تھا۔

"تم ہماری باتیں سن رہے تھے؟؟" یوسف نے بے اختیار نفی میں سر ہلایا۔

www.novelsclubb.com

"تو یہاں بیٹھ کر کیا کر رہے تھے؟؟" اس نے ابرو اٹھا کر سوال کیا۔

"کھانا بنا رہا تھا۔" یوسف نے جل کر کہا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس نے ایک نظر نائمہ بیگم پر ڈالی اور ضبط کے گھونٹ پیتی چپ ہو گئی۔

"حیات!!"سائل دروازے سے تیز تیز قدم اٹھاتا سیدھا اس کی طرف آیا تھا اس کے پیچے ہی حائل تھا۔

www.novelsclubb.com

"کیسی ہو؟؟؟"سائل کی فکر مند آواز پر وہ مسکرا دی۔

"کیسی ہو اب حیات...؟؟"اب کی حائل نے اسے دیکھ کر پوچھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میں ٹھیک ہوں..."اس کا جواب سن کر وہ یوسف کی جانب متوجہ ہوا اس نے کچھ کہا دونوں سب سے معذرت کرتے اوپر ٹیرس کی جانب چلے گئے۔

"یوسف تمارے کہنے پر میں نے دوبارہ چیک کیا لیکن وہ ایک حادثہ ہی تھا۔"حائل نے کہا۔

www.novelsclubb.com

"میں نے وہاں ایک گاڑی کڑی دیکھے تھی جب ہم نکاح کہ لیے گئے تھے تب بھی وہ وہی کھڑی تھی اور جب واپس رخصتی کہ لیے گیا تھا تو تب بھی وہی کھڑی تھی۔"یوسف دماغ پر زور ڈالتا نمبر یاد کرنے لگا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کیا تمہیں اس گاڑی کا نمبر یاد ہے؟؟" حائل نے پوچھا۔

"نہیں.... لیکن میں اسے دیکھ کر ہی پہچان لو نگا وہ پرانے طرز کی کالی گاڑی تھی۔" اس کی بات پر حائل نے ٹھٹک کر اسے دیکھا اور پر دماغ پر زور دیا پر سر جھٹک کر یوسف کو دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"ہم ڈونڈ لیں گے اسے..." حائل نے اس کا کندھا تپتپایا۔ حائل جو اس بات پر یقین تھا کہ وہ ایک حادثہ ہی تھا لیکن پر بھی وہ یوسف کی مطمئن کرنے کہ لیے جی سب کر رہا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"حیا تم کافی پیوٗ گی؟؟؟" حیات اب کہ کھل کر ہنس پڑی۔

سب اسے نہ جانے کب سے کیا کیا کھانے کی آفر کر رہے تھے حیات ان کی اتنی محبت پر دل سے خوش تھی۔

"بنا کر پہلا دو..." حیات نے اسے دیکھ کر کہا۔

www.novelsclubb.com

شھیر نے بے ساختہ نظریں گھما کر ادھر ادھر دیکھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"سائل آج سب کو کافی پلائے گا۔"اس نے چمکتی آنکھوں سے سب کو سائل کی طرف متوجہ کیا حیات اس کی چالاکی پر مسکرا کر اسے دیکھنی لگی۔

" مجے تو کافی بنانا آتا ہی نہیں۔"سائل نے سہولت سے ٹھک کر کہ انکار اس کہ منہ پر مارا شھیر کی چمکتی آنکھوں سے اب کہ زارا کی طرف دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"نہیں.... بلکل بھی نہیں۔"اس کہ کچھ بولنے سے پہلے ہی زارا نے لال جھنڈا دکھایا۔

اب کہ آخری امید اس کی انشہ تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ہمیں تو چائے بنانا آتا ہے وہ بنا دیں؟؟؟"اس نے معصومیت سے کہا۔

نائمہ بیگم سب کو دیکھ کر مسکرا کر اٹھی۔

"تم سب بیٹھو میں بنا کر لاتی ہوں۔"شہیر نے محبت پاش نظروں سے انہیں دیکھا شہیر کے یوں دیکھنے پر وہ مسکراتی کچن کی طرف بڑ گئی۔

"تمارے کیس کا کیا ہوا..؟؟"یوسف نے اس سے پوچھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

" صحیح ہے ان کی زمیں ان کو مل جائے گی پر میں فرسنلی اس کیس کو آگے بڑاؤنگا۔"یوسف سمجھ گیا وہ کیا کرنا چاہ رہا تھا۔

حائل سیڑھیوں سے نیچے اتا ایک دم ٹھٹک کر حیات کو دیکھنے لگا جو مسکرا رہی تھی یوسف اس کی باجو میں بیٹھا تھا اس نے نظرے پھیر لین اور سر جھکا کر سب سے خدا حافظ کہتا نکل گیا۔

www.novelsclubb.com

ہلکی ہلکی سی ہوائیں ہلکی ہلکی تاریکی میں کہیں دور سے مغرب کی اذان اس کہ کانوں میں آئی اس نے گردن پھیر کر ارد گرد دیکھا اسے دور ہلکی سی عمارت دکھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اور یہ پہلی بار تھا کہ حائل خان نے یوں مغرب کی آزان اتنے دیہاں سے سنی تھی۔

اسے عربی آتی تھی لیکن اسنے کبھی ان الفاظ پر غور نہیں کیا تھا آج اس کی ہر اک سماعت اس آواز پر جیسے ٹھہر گئی تھی۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

سر جھٹک کر اٹھا اور قدم اس عمارت کی طرف لیے وہ خود نہیں جانتا تھا اس کی ساتھ کیا ہو رہا تھا کیوں ہو رہا تھا لیکن اس کہ قدم جیسے اس کہ اختیار میں نہ تھے اسے بس وہاں پہنچنا تھا اسے یہ مصافت تھے کرنی تھی۔

"بچے یہاں کیا کر رہے ہو آؤ اندر.." ایک ادھیڑ عمر شخص نے اسے دروازے پر ہی کھڑا دیکھ کر اندر بلایا۔

www.novelsclubb.com

"مجھے نہیں پتا میں یہاں کیوں آیا ہوں۔" حائل نے جھکے سر کہ ساتھ کہا اسے واقعی اندازہ نہیں تھا آذان کی آواز کسی مسجد سے نہیں ایک چھوٹے سے گھر سے آ رہی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"آو یہاں پر آس پاس کوئی مسجد نہیں ہے سب یہاں نماز پڑتے ہیں۔" انہوں نے اس کا شانہ تھپک کر اندر آنے کا کہا۔

اب وہ لوگوں کی صف میں کھڑا نماز پڑ رہا تھا وہ کیوں یہاں آیا تھا اس کے قدم اسے اپنے بس میں نہیں لگ رہے تھے نہ دل بس میں تھا نہ قدم۔

www.novelsclubb.com

نماز ختم ہو چکی تھی لوگ جا چکے تھے وہ وہیں بیٹھا تھا دماغ کہیں اور تھا تو دل کہیں اور۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ ادھیڑ عمر شخص اس کہ پاس آخر بیٹھ گیا۔

"کیا ہوا ہے بیٹا ایسے کیوں بیٹھے ہو..؟؟" حائل جیسے اپنے خیالوں سے نکلا تھا۔

حائل نے اپنی ہلکی سرخ ہوتی آنکھوں سے اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"ٹھوٹے ہوئے لگتے ہو.." انہوں نے شفقت سے کہا۔

"بہت زیادہ ٹوٹ چکا ہوں۔" وہ اب اور زیادہ مضبوط خود کو ظاہر نہیں کرنا چاہتا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تمارے دل کو تھوڑا ہی اس لیے جاتا ہے کہ تم دل بنانے والے کہ قریب آسکو.....

ٹھوٹے ہوئے دل والوں کی دو اقسام ہوتی ہیں جانتے ہو" انہوں نے حائل کو دیکھا پر شفیق سے مسکرائے۔

"ایک وہ جو دنیا سے دل ٹھوٹنے کی باوجود خدا سے نہیں جوڑتے اور اسی دنیا میں سکوں تلاش کرتے ہیں اور.....اور ایک وہ جو اپنے رب کی پاس سکوں تلاش کرنے پہنچ جاتا ہے اور یقیں جانو وہ سکوں بخشنے والا ہے۔" حائل جیسے برف کا مجسمہ بن گیا انہوں نے ٹہر کر اس مجسمے کو دیکھا ۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"جانتے ہو اللہ کو ٹوٹے ہوئے لوگ کیوں محبوب ہوتے ہیں؟؟؟ کیوں کہ وہ ایک آزمائش سے ہو کر اس کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کہ پاس پہنچتے ہیں۔" وہ بہت نرمی سے کہ رہے تھے ان کہ بات کرنے کا انداز ایسا تھا کہ آگے والا انہیں بناٹو کے ان کی بات سن سکتا تھا۔

"لیکن کچھ دلوں کو ٹھوٹنا انسان کو ناشکرا بنا دیتا ہے" حائل نے اب ان کہ ظعیف چہرے کو دیکھا۔

www.novelsclubb.com

وہ مسکرا دیے تمہیں ایک شعر سناتا ہوں۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اے ابن آدم...." انہوں نے رک کر حائل کو دیکھا جانتے ہو اللہ کس سے مخاطب ہیں۔

حائل نے ہاں میں سر ہلایا "کس سے..؟؟" حائل نے ایک نظر انہیں دیکھا "ہم سے آدم کی اولاد سے اللہ اپنے تمام بندوں سے مخاطب ہے." وہ مسکرا دیے۔

"صحیح کہا تم نے لیکن میں اس کو الگ نظریے سے دیکھتا ہوں۔" حائل نے سوالیہ نظروں سے انہیں دیکھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اس میں اللہ اپنے ٹوٹے ہوئے بندوں سے مخاطب ہے جو اپنے چاہ کہ لیے تڑپ رہے ہیں لیکن کیا انہیں یہ اندازہ نہیں کہ اللہ کی چاہت میں اگر وہ راضی ہو جائیں تو انہیں اس چیز کی چاہ باقی ہی نہیں رہے گی..... آگے سنو۔" وہ اب آگے سنانے لگے۔

"اک تیری چاہت ہے اور اک میری چاہت ہے۔" اب کہ انہوں نے مسکرا کر اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"تمہاری چاہت کیا ہے۔"

"وہ..." بغیر تردید کہ اس نے فوراً جواب دیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''اور اللہ کی...؟؟''اب کہ وہ گہرا مسکرائے جیسے جانتے ہو آگے سے کیا کہا جائے گا۔

''میں...''حائل بے اختیار بول اٹھا پر نفی میں سر ہلانے لگا''نہیں میں نہیں..''

''مگر ہو گا وہی جو میری چاہت ہے..''انہوں نے حائل کو دیکھا جو بس انہیں سنے جا رہا تھا۔

''پس اگر تو نے اپنے آپ کو سپرد کر دیا

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس کہ جو میری چاہت ہے۔"

"اپنے آپ کو خدا کے سپرد کر کہ دیکو ایک بار۔" انہوں نے مسکرا کر کہا "کوئی تمہاری اتنی قدر نہیں کرے گا جتنی وہ..."

"اور اگر تو نے نافرمانی کی اسکی جو میری چاہت ہے" وہ ٹھہر ٹھہر کر الفاظ ادا کر رہے تھے۔

www.novelsclubb.com

"تو میں تکا دونگا تجھ کو اس میں جو تیری چاہت ہے" حائل اس شعر میں خود کو جکڑا ہوا محسوس کر رہا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"پر ہو گا وہی جو میری چاہت ہے۔" حائل کی آنکھ سے بے اختیار ایک قطرہ نکلا۔

چند پل خاموشی کہ نظر ہو گئے وہ آنکھوں میں نرمی لیے اپنے سامنے بیٹھے اس جوان کو دیکھ رہے تھے پر انکی نرم آواز نے خاموشی کو پھر سے دھکیلا۔

www.novelsclubb.com

"جانتے ہو تم میرا عکس ہو.." اب کہ حائل نے ٹھٹک کر انہیں دیکھا وہ اور ان کا عکس؟؟۔

"میں بھی محبت میں ہار گیا تھا" انہوں نے گہرا سانس بھرا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''خدا سے تو پہلے ہی بہت دور تھا اور اس حادثے کی وجہ سے اور زیادہ دور ہو گیا.... میں حرام چیزوں میں مبتلا ہو گیا تھا۔'' حائل نے حیرت سے انہیں دیکھا۔

''شراب پینے لگ گیا تھا جوان تھا مجھے لگتا تھا شراب کے نشے سے میرے دل کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا لیکن اس بات سے بے خبر تھا کہ گناہوں کا بوجھ کیسے کم ہو گا؟؟'' وہ مسکرا رہے تھے حائل نے ان کی آنکھوں میں دیکھا جہاں ہلکی سی نمی جلک دکھا رہی تھی لیکن وہ آنکھیں مسکرا رہی تھی۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"لیکن نشے میں بھی میں اسے بلا نہ سکا بس اگر کسی کی ذات یاد تھی تو مجھے وہ..... میں اپنی زات تک کو بلا بیٹھا تھا۔" انہوں نے گہرا سانس بھرا آج وہ اپنے گناہوں کا اعتراف کر رہے تھے۔

"ایک دن نماز پڑھنے گیا تھا میرے ایک دوست نے کہا تھا تم اللہ کے سامنے جاؤ ان سے کہو کہ تمارا بوجھ ہلکا کر دے۔" وہ ٹھہرے..

www.novelsclubb.com

"میں نہیں گیا.... میں نہیں گیا۔" ان کی آواز میں گہرا دکھ تھا حائل نے غور سے انہیں دیکھتا رہا انکی آواز انکی ساری کیفیت بیان کرنے کہ لیے کافی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"پر ایک دن یونہی نشے کی حالت میں مسجد جا پہنچا....پتا نہیں کیسے میرے قدم اس طرف گئے تھے....اس رات میں خدا کہ حضور بہت رویا اتنا کہ میرے دل کا سارہ بوج ہلکا ہو گیا...اس دن میں نے اپنی ساری باتیں کر ڈالی تھی سارے شکوے شکایات۔" وہ تھوڑی دیر کہ لیے رکے حائل کو دیکھا۔

"صبح میں وہی مسجد میں اٹھا تھا لوگ اطراف میں تھے لیکن کسی کو مجھ سے کوئی سروکار نہ تھا نشے کی بو میرے جسم سے اٹھ رہی تھی...وہ صبع میر لیے ایک نہیں صبح تھی ایک نئے صفر کا آغاز تھی...."

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"جانتے ہو آج مین بہت خوش ہوں میری بیوی بچے میرا خاندان سب کہ ساتھ اور مجھ پر خدا نے یہ بات عیاں کر دیتی تھی کہ وہ میرے لیے نہیں تھی میرے لیے وہ تھی جواب تک میرے بڑھاپے میں میرے ساتھ ہے۔" حائل نے گہرا سانس بر کر انہیں دیکھا۔

"آپ کو لگتا ہے خدا نے آپ کو معاف کر دیا؟؟" حائل نے نجانے یہ سوال کیوں پوچھا.

www.novelsclubb.com

"پتا نہیں... لیکن امید یہی ہے۔" انہوں نے مسکرا کر جواب دیا۔

"یہ امید کیوں ہے؟؟" حائل بے ساختہ پوچھ بیٹا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کہتے ہیں تم اللہ کو جیسا تصور کرو گے وہ تمہیں ویسا ملے گا میں اللہ کو رحیم سمجھتا ہوں میں اس سے اپنے لیے رحم کا دعا گو ہوں۔"

"کیا اب آپ اپنی پہلی محبت کو یاد نہیں کرتے؟" وہ مسکرائے اس کہ سوال پر۔

www.novelsclubb.com

"نہیں اللہ نے مجھے بہتریں سے نوازا ہے بے شک اس نے جو میرے لیے چاہا تھا وہ میری چاہت سے بہتریں تھا۔" حائل نہ جانے کیوں بس انہیں سننا چاہتا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"یہ جگہ....؟؟" حائل نے چاروں طرف دیکھ کر اس مسجد نما گھر کہ بارے میں پوچھا۔

"یہاں پر اس پاس کوئی مسجد نہیں نہ ہی کوئی ایسی جگہ جہاں بندہ سکوں سے نماز پڑ سکے میرا گھر یہاں سے زرہ سے فاصلے پر ہے یہ مکان خالی رہتا تھا تو سوچا کیوں نہ تھوڑی نیکی کمائی جائے۔"

اب کہ حائل ان کی بات پر مسکرا دیا۔

www.novelsclubb.com

"آپ کا نام کیا ہے؟؟"

"امیر الدین اور تمہارا..."

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"دادا.....دادا ابو بلا رہے ہیں آپ کو۔" حائل نے اس چھوٹے بچے کو آتے دیکھا یہ وہی تھا اس دن بھی اسے تو امیر الدین صاحب کو دیکھ کہ ہی یاد آ گیا تھا کہ یہ وہی ہیں وہ اس بچے کو دیکھ مسکرا دیا۔

www.novelsclubb.com

●●●●●●●●●●

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات نے فرائز کھاتے ہوئے شہیر کو ایک بھرپور گھوری سے نوازہ جو اسے دیکھے بغیر سامنے چلتے فلم کو دیکھنے میں مصروف تھا۔

"شہیر تم نے یہ کیسی موووی لگائی ہے۔"اس نے کشن اٹھا کر اسے مارا۔

"ہوررر موووی ہے."شھیر نے اس کہ علم میں اضافہ کیا۔

www.novelsclubb.com

"یہ کیا کر رہے ہو تم دونوں۔"یوسف تھکا تھکا سا آتس ان کہ درمیاں بیٹھ گیا۔وہ ابھی افسسے آیا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات اب کہ کافی ایڈجسٹ اوچکی تھی ان کہ درمیاں اتنے دنوں میں اس نے سب کچھ قبول کر لیا تھا۔

"موووی دیکھ رہے ہیں بھائی.."اس نے مزے سے جواب دیا۔

www.novelsclubb.com

یوسف ٹائی کی ناٹ ڈیلی کرتا ان کی ساتھ ہی بیٹھا رہا۔

"لیکن حیات کو ڈرل...."

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"نہیں میں تو دیکھ رہی ہوں...." حیات نے شہیر کو گھور کر کہا۔

"اچھا پر دیکھتے ہیں۔" سب موی کی طرف متوجہ ہو گئے۔

موی ختم ہونے پر حیات نے شکر کا سانس خارج کیا وہ صوفے سے اٹھنے لگی۔

"بوو...." شہیر نے پیچھے سے آخر اسے ڈرانا چاہا اس کا پاؤں سلف ہوا اور وہ نیچے گری۔

اب کہ یوسف کا بھرپور قہقہہ گونجا جبکہ شہیر پریشانی سے نیچے پڑی حیات کو دیکھ رہا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات نے خونخوار نظروں سے یوسف کو دیکھا اسے رونا بھی آرہا تھا ایک تو وہ گری تھی اوپر سے وہ قہقہہ لگائے جارہا تھا۔

اس کی سبز آنکھوں میں زرہ سے نمی کی جلک دیکھ کر یوسف سنجیدہ ہوتا اس کہ سامنے ہاتھ پھلا کر کھڑا ہو گیا۔

www.novelsclubb.com

حیات اس کہ ہاتھ کو اگنور کرتی خود جیسے تیسے کر کہ اٹھ گئی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"بیٹھ کر قہقہہ لگاؤ تم.." وہ غصے سے اسے کہتی آگے بڑی شہیر کو گھری سے نوازنا نہ بولی۔

"شہیر یہ کیا حرکت تھی اسے لگ سکتی تھی۔" اب کہ اس نے سنجیدگی سے اسے دیکھا۔

"مجھے اندازہ نہیں تھا." اس نے شرمندگی سے کہا یوسف اوپر کمرے کی جانب گایا۔

www.novelsclubb.com

کمرے میں آکر اس نے بیڈ پر بیٹی حیات کو دیکھا اور اس کی طرف چلا ایا۔

"زور سے تو نہیں لگا...؟؟" اس کی بات پر حیات نے گردن موڑ کر اسے دیکھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات نے نفی میں سر ہلایا۔

"دادی دیکھیں آپ کی بہو بلکل ٹھیک ہے میں کہ رہا ہوں نہ بس زرہ سا سلف ہوئی تھی۔" شہیر برے برے منہ بناتا ان کی طرف آیا اور مبائل کا سکرین اس کی جانب کیا۔

www.novelsclubb.com

"حیات تجھے لگا تو نہیں شہیر بتا رہا تھا کہ تم گر گئی تھی۔" دادی نے پریشانی سے پوچھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تم نے یہ نہیں بتایا کہ گری کیسے۔"اس نے آہستہ آواز میں شہیر کو دکھی دی شہیر نے بیچاری نگاہوں سے اسے دیکھا۔

اب تو ویسے بھی حیات دادی کی فیورٹ تھی بقول ان کہ ان کی اکلوتی بڑی بہو تھی۔

"نہیں دادی کچھ نہیں ہوا۔"اس نے مسکرا کر جواب دیا یوسف انہیں چھوڑتا فریش ہونے چلا گیا۔

"یوسف کہاں ہے؟؟"دادی نے اسے دیکھ کر پوچھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"وہ فریش ہونے گئے ہیں۔" حیات سے پہلے شہیر نے جواب دیا۔

"تو اس کی بیوی ہے یا یہ.." انہوں نے بتیسی نکالے شہیر کو جھڑکا جسکی بتیسی اب بھی باہر نکلی ہوئی تھی۔ فون کٹ چکا تھا شاید انٹرنیٹ کی وجہ سے۔

www.novelsclubb.com

"میں نے دادی سے تمہیں بچایا میرا انعام؟" اس نے فون رکھ کر اسے دیکھ کر کہا۔

"ضرور چلو چلیں پر آئسکریم کھانے..."

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کوئی کہیں نہیں جارہا..."یوسف نے ان کی بات سن کر سنجیدگی سے کہا پر ان دونوں کو دیکھا۔

"میرے بغیر.."اب کی دونوں نے مسکرا کر اسے دیکھا۔

شہیر آئسکریم پارلر سے آئسکریم لینے گیا تھا۔

حیات اور یوسف یوں ہی روڈ پر چہل قدمی کر رہے تھے۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"یوسف..." حیات نے اسے پکارا وہ رک گیا پر اسے دیکھا حیات نے آنکھوں سے سامنے کی طرف اشارہ کیا جہاں چودہ پندرہ آدمی ان کی طرف آرہے تھے۔

یوسف نے بے اختیار حیات کو اپنے پیچھے کیا اور خود سامنے کھڑا ہو گیا۔

"ہمیں لڑکی کو لے جانے دو ہم کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے۔" ان میں سب سے چھوڑی جسامت لیے شخص نے سامنے آ کر کہا۔

www.novelsclubb.com

حیات نے ضبط سے اسے ان عجیب شکلوں کو دیکھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کیوں؟"یوسف نے کہتے ساتھ حیات کا ہاتھ پکڑا اور اس کو دباؤ دیا جیسے کوئی اشارہ دے رہا ہو

حیات تن کر کھڑی ہو گئی اور خود کو لڑنے کہ لیے تیار کرنے لگی۔

یوسف نے حیرت سے اسے دیکھا"یہ کیا کر رہی ہو۔"

www.novelsclubb.com

"لڑنے کی تیاری۔"یوسف کا دل کیا اپنا سر پیٹ لے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تم ایسے نہیں مانو گے (اس آدمی نے کچھ قدم پیچھے لیے) اسے اور اس لڑکی کو لے کر آؤ۔" اس کہ کہنے کی دیر تھی کہ اس کہ آدمی ان کی جانب لپکے لیکن یوسف حیات کو کھینچ کر گھولی کی سفیڈ سے باگا۔

"ہم باگ کیوں رہے ہیں.؟؟؟" حیات نے بھاگتے بھاگتے پوچھا۔

www.novelsclubb.com

"تو کھڑے رے کر تم میرا قیمہ بنتے ہوئے دیکھنا چاہتی تھی۔" یوسف نے جل کر کہا۔

"لیکن ہم لڑ سکتے ہیں۔" یوسف نے سفیڈ بڑادی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کیا تمہیں میں اک ہیرو دکھتا ہوں۔"

"تو پر اتنی بوڈی بنانے کا کیا فائدہ..." حیات نے آنکھیں گومائی یوسف نے بھاگتے بھاگتے پلٹ کر اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

سہی کہتے ہیں لڑکیوں کہ پاس دماغ کم ہوتا ہے یوسف نے بے اختیار سوچا۔

یوسف حیات کہ ہاتھ پکڑے ایک گلی کہ اندر گھسا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

دونوں گلیوں سے ہوتے ہوئے واپس اسی روڈ پر آ گئے اور سیدھا اپنی گاڑی کی طرف گئے جہاں شہیر پہلے سے بیٹھا ہوا تھا یوسف بغیر اس کی کچھ سنے گاڑی بگا لے گیا۔

"کیا ہوا ہے...؟؟ تم دونوں کہاں غائب ہو گئے تھے۔" شہیر نے ڈرائیو کرتے یوسف سے پوچھا۔

"کچھ لوگ پیچھے پڑ گئے تھے۔" حیات نے جواب دیا۔

"کچھ لوگ؟؟؟"

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"پتہ نہیں کون تھے۔" حیات نے کندھے اچکائے اب کہ وہ بلکل سنجیدہ تھی۔

"یوسف..." حیات نے اسے پکارا۔

"ہنہہ..." یوسف نے ڈرائیو کرتے انکارہ برا۔

www.novelsclubb.com

"وہ لوگ مجھے لینے آئے تھے...." حیات نے گردن موڑ کر اپنے سائڈ پر بیٹھے یوسف کو دیکھا جو

ناسمجھی سے اسے دیکھنے لگا حیات نے گہرا سانس برا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میں نہیں چاہتی میری وجہ سے تمہاری یا شہیر کی جان کترے میں ہو۔"اس نے نظریں جھکا دی۔

"تمہاری حفاظت مجھ پر فرض ہے حیات...."حیات نے نظریں اٹھا کر اسے دیکھا۔

"کیوں؟؟"شہیر پچھلی سیٹ پر بیٹھا مزے سے دونوں کی باتیں سن رہا تھا۔

www.novelsclubb.com

"تمہیں کیا لگتا ہے...؟؟"اس نے الٹا سوال کیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کیوں کہ تمہیں مجھ سے محبت ہے..." اس کی بات پر یوسف کہ لبوں پر بے ساختہ مسکراہٹ آئی گال میں پڑتا یک طرفہ گھڑا اس کی مسکراہٹ کا ثبوت تھا۔ حیات محو سی اس منظر کو دیکھنے لگی

۔

اس کی آواز میں شرارت یوسف نے بخوبی محسوس کی تھی۔

www.novelsclubb.com

"کیوں کہ تم میری بیوی ہو۔" وہ جواب دے کر پرسے ڈرائیونگ کی طرف متوجہ ہو گیا۔

حیات نے اس کہ جواب پر مسکرا کر اسے دیکھا پر سر جھٹک دیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"اگر تم دونوں کا ہو گیا ہو تو آپ کو اطلاع دے دوں کہ ایک عدد آپ کا بھائی اور آپ کا دیور بھی موجود ہے۔" شہیر نے دونوں کو شرمندہ کرنا چاہا جس کا دونوں پر رتی برابر بھی اثر نہ ہوا۔

"یوسف...!" تھوڑی دیر بعد پر حیات نے اسے پکارا۔

"وہ لوگ کون تھے؟؟ کس نے بھیجا تھا انہیں؟؟" اس نے گاڑی روک دی وہ گھر پہنچ چکے تھے شہیر گاڑی سے نکل گیا اب وہ دونوں تھے۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف نے اس کی سبز آنکھوں میں پریشانی واضع طور پر دیکھی۔۔"وہ لوگ جو بھی تھے تم ٹینشن نہ لو میں ہوں نہ..... کس نے بھیجا تھا اس کا بھی پتا لگا لونگا...."اس کی سوالوں کہ جواب دیتے وہ ایک پل کو رکا۔

"کیا تمہیں کسی پے شک ہے؟؟"حیات نے چند پل کو ٹک کر اسے دیکھا پر نفی میں سر ہلا کر گاڑی سے اتھر گئی۔

www.novelsclubb.com

•••••••••••

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"زارا.....!!!"ابتسام چلتا دراڑم سے اس کی روم کا دروازہ کول کر اس کہ روم میں داخل ہوا۔

اس نے ادھر ادھر دیکھا کوئی بھی نہیں تھا وہ دھیے پاؤں چلتا اس کی الماری کی طرف گیا اور اس میں سے نہایت ہی نفیس لائٹ پنک کلر کا جوڑا نکالا جس پر بڑی نفاست سے ہاتھ کی کڑھائی کی گئی تھی ابتسام ادھر ادھر دیکھتا دبے پاؤں خاموشی سے نکل گیا۔

www.novelsclubb.com

وہ جیسے ہی واپس گھر کہ اندر داخل ہوا تو زارا سامنے کھڑی اسے خونکار نظروں سے دیکھ رہی تھی

۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میرا سوٹ تم نے لیا ہے نہ..." اس نے آستینیں اوپر کو چڑھائی ہوئی تھی۔

"استغفر اللہ آپی میں کیا کروں گا آپ کہ سوٹ کا۔" معوومیت سے کہتا وہ پاس سے جانے لگا۔

"وہ سوٹ فیصل کی امی... تمہاری پھپھو نے مجھے دیا تھا شادی کہ سوٹ کہ طور پر اگر وہ مجھے ایک گھنٹے میں نہ ملا تو تم اپنی خیر منالو۔" اب کہ ابتسام نے آنکھیں ٹپٹپا کر اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"میرا ارادہ تمہیں بتا کر لے جانے کا تھا تم یہاں نہیں تھی تو میں نے اپنی پسند سے اٹھالیا۔" اس نے اعتراف کیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"وہ سوٹ ڈیڑھ لاکھ کا تھا ابتسام کس مہارانی کو گفٹ کیا ہے تم نے۔" اس کہ ڈیڑھ لاکھ کہنے پر ابتسام نے اپنا ہاتھ دل کی مقام پر رکھا۔

"آپی وہ بس ایک غریب کو دیا تھا۔" اس نے یہاں وہاں دیکھ کر کہا۔

www.novelsclubb.com

"جس بھی غریب کو دیا ہے واپس لا کر مجھے دوا بھی کہ ابھی۔" وہ کہ کر مڑ گئی۔

ابتسام نے بالوں میں ہاتھ پھرا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کیا مصیبت ہے ابتسام تمہیں ہی اسے فرفار مینس کہ لیے سوٹ دینا تھا.....اور دیا بھی تو اتنا مہنگا۔" وہ واپس گھر سے باہر چلا گیا سوٹ لانے۔

"حیات تم خوش ہو..." سائل اس کی سامنے صوفے پر بیٹھتا پوچھنے لگا۔

www.novelsclubb.com

حیات نے مسکرا کر اسے دیکھا۔

"بہت خوش ہے۔" حیات کی بدلے لوازمات ٹیبل پر رکھتے شہیر نے جواب دیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات دونوں کو مزے سے دیکھنے لگی۔

"زیادہ بک بک مت کرو یہ لو سموسہ کاؤ۔"اس نے سموسہ سائل کہ منہ میں ٹھونسا۔

"شہیر تمہارا اگلا میچ کب ہے؟؟"حیات نے یاد آنے پر پوچھا۔

"اگلے ہفتے۔"سموسوں کہ ساتھ انصاف کرتے اس نے جواب دیا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میں بھی آؤنگا..."سائل نے سموسہ نگلتے ہوئے مشکل سے کہا۔

"اگر صلح کو سفورٹ کرنا ہے تو شکریہ کوئی ضرورت نہیں۔"شہیر جو پچھلی دفع سب کا اسے سپورٹ کرنا یاد آیا۔

"نہیں کرتا میں سپورٹ یار.."سائل کہ بات پر اس نے سن کا اشارہ کیا اوکے آسکتے ہو۔

www.novelsclubb.com

"حیات...!!"نسوانی آواز پر سب نے گردن موڑ کر داخلی دروازے کی طرف دیکھا جہاں منائل اپنی ہیل کو ٹک ٹک دیتی ان کی طرف آرہی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

حیات اور سائل نے منہ بگاڑا جبکہ شہیر بگھورا سے دیکھنے لگا۔

"کیسی ہو...؟؟دراصل میں تمہیں مبارک باد دینے آئی تھی۔"حیات نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا پر بیٹھنے کا اشارہ دیا۔

www.novelsclubb.com

منائل ایک نظر سب کو دیکھتی بیٹھ گئی۔

"یہ کوں ہے.."شہیر نے سائل سے پوچھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"حائل بھائی کی بہن۔"

"اووو..."اس نے اوو کو کافی لمبا کھینچا۔

"مناہل تم کس کہ ساتھ آئی ہو...؟؟"اب کی سائل نے اس سے پوچھا۔

"عیان کہ ساتھ آئی تھی اسے کچھ کام تھا تو وہ کر کہ پر آئے گے۔"سائل نے دل ہی دل میں اپنے بھائی کو داد دی جو اس آفت کی پڑیا کو ان کہ سروں پر مسلت کر چکا تھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"بڑی خوش دکھ رہی ہو..."اس نے مسکرا کر کہا۔

"کیا ان سب کو تمہاری حقیقت کا پتا ہے۔"اس کہ چہرے پر شیطانی مسکراہٹ در آئی۔حیات کا رنگ یکدم سفید پڑا لیکن وہ کسی کہ نوٹس کرنے سے پہلے خود کو کمپوز کر چکی تھی۔

www.novelsclubb.com

"منائل یہاں تماشہ مت لگاؤ..."سائل نے سنجیدگی سے کہا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''حقیقت بتا رہی ہوں اس میں تماشے والی کیا بات ہے۔''اس نے جلا دینی والی مسکراہٹ سے کہا۔

''مناہل یاد رکو یہ میرا گھر ہے تمہاری پھپو کا نہیں جہاں تم آخر اپنی مرضی چالایا کرتی تھی..''

حیات نے اسی کی طرح جلا دینے والی مسکراہٹ سے کہا۔

www.novelsclubb.com

''دو منٹ بھی نہیں لگیں گے مجھے تمہیں یہاں سے دھکے دلوا کر نکالنے میں۔''اب کہ منائل کی رنگت میں سرخی گل گئی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''اپنی اوقات میں رہو تمہیں کیا لگتا ہے اس گھر کہ فرد تماری حقیقت جاننے کے بعد بھی تمہیں یوں سر پر بٹھا کر رکیں گے اگر دھکے دے کر تمہیں باہر نہ نکلوا دیا تو تم یاد رکھنا۔'' وہ صوفے سے کھڑی ہوئی۔

''ڈیفینس کی شبانہ اتنا ایٹیٹیوڈ کہاں سے لاتی ہو حالانکہ تم پر بلکل سوٹ نہیں کرتا۔'' شہیر کہ اچانک بولنے پر سب نے اس کی طرف دیکھا حیات سائل اس کی بات سمجھ کر مسکرا دیے جب کہ مناہل کو دونوں کی پہلی ملاقات یاد آگئی۔

''یو بلاڈی چیپسٹر تم خود کو سمجھتے کیا ہو۔'' منائل نے غصے سے کہا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"آپ سے بہتر.." وہی پرانا جملا سائل اور حیات کا قہقہہ چھوٹا جس سے منائل کو مزید تپش آیا

۔

"تم بتمیز کہیں کہ بڑوں سے بات کرنے کی تمیز نہیں تم میں۔" کوئی اور جواب نہ بن پایا تو اس نے اپنی عمر کا فائدہ اٹھایا۔

www.novelsclubb.com

"تو تم میں بڑوں والا تمیز نہیں کہ چھوٹوں سے پیار سے بات کرتے ہیں۔" اس نے الٹا جواب دیا

۔ منائل غصے سے ہانپتی اسے دیکھنے لگی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"یہ کیا ہو رہا ہے...؟؟؟" عیاں ان کی طرف آتا مناہل کو یوں غصے میں دیکھ کر پوچھ بیٹا۔

"بھائی..." حیات کی پکار پر وہ مناہل کو بھولتا سیدھا اس کی طرف گیا جس سے منائل کو مزید تپش آیا۔

www.novelsclubb.com

"اب یہ کون ہے۔" شہیر نے پرسے سائل کی کان کہ قریب ہو کر آہستہ سے کہا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"بھائی ہے میرا.." شہیر نے اس کی بات پر ایک بھرپور نظر سے عیاں کا جائزہ لیا لمبا قد سفید رنگت ہلکے ہلکے براؤں بال ہاتھ میں واچ بلیک کلر کہ تری پیس پہنے شاید وہ سیدھا کسی میٹنگ سے یہاں آیا تھا۔اس کی فرسانلٹی واقعی شاندار تھی اس نے عیان کو دیکھنے کہ بعد سائل کو دیکھا دونوں کافی ملتے تھے۔

"یوسف دکھائی نہیں دے رہا۔" عیان نے پوچھا۔

www.novelsclubb.com

"وہ آفس گئے ہیں۔" حیات ان کہ سوالوں کا جواب دے رہی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"عیان چلو...." منائل نے کھڑے کھڑے کہا۔

"کیا ہوا منائل ابھی تو آئے ہیں۔" اس کا یوں ارڈر دیتا لہجہ اسے بلکل پسند نہ آیا۔اس نے نرم لہجے میں کہا۔

"عیان چلو میرے سر میں درد ہو رہا ہے۔" منائل نے ضبط سے کہا۔

www.novelsclubb.com

مناہل کو دیکھ کر اس نے معذرت خواہ نگاہوں سے حیات کو دیکھا جس پر وہ مسکراتی انہیں جانے کی اجازت دے گئی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

شہیر نے حیرت سے دونوں کی پشت کو دیکھا۔

"تمارا بھائی اس کی ایک بات پر یوں اٹھ گیا۔"

"منگیتر ہے وہ اس کی.." شہیر نے اب کہ آنکھیں پوری خول دی۔

"مطلب تماری بھابی۔" حائل نے بے بس سا سانس خارج کیا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ہاں بد قسمتی سے...."

یوسف اپنا کام سمیٹتا گھر جانے کی تیاری میں تھا۔

"سر آپ سے کوئی ملنے آیا ہے۔" یوسف نے اپنے ورکر کو دیکھا پر اسے اندر بلانے کا اشارہ دیا

تھوڑی دیر بعد منائل اپنی ہیل کو ٹک ٹک دیتی اس کہ آفس کہ روم میں بغیر دستک دیے اس کہ سامنے کرسی پر بیٹھی ہوئی تھی۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف نے حیرت سے منائل کو دیکھا"خیریت مناہل تم یہاں..؟؟"مناہل نے یوسف کو دیکھا پر بولنا شروع کیا۔

"میں حیات کی بارے میں کچھ بتانے آئی ہوں آپ کو۔"یوسف نے دونوں ہاتھ ملا کر ٹیبل پر دھرے اور پوری توجہ سے اسے سننے لگا۔

www.novelsclubb.com

"بولو..."منائل نے ایک نظر اس کہ سنجیدہ چہرے کو دیکھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"آپ کو پتا تو ہو گا آپ سے شادی سے پہلے اس کا رشتہ بچپن میں ہی بھائی سے طے ہو گیا تھا۔"

اس نے رک کر یوسف کہ رد عمل کا انتظار کیا جو سکوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

"جہاں تک میرے علم میں ہے کہ اسے اس معاملے کا کچھ نہیں پتا۔"

"صحیح کہ رہے ہیں آپ.... لیکن اگر میں کہوں وہ ایک قاتل ہے..."یوسف نے کرسی سے ٹیک لگائی۔

"کیا ثبوت ہے...؟؟"منائل اسے دیکھتی مسکرائی اور پر مبائل نکال کر اس کی سامنے رکھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف نے مبائل اٹھا کر ویڈیو پلے کی۔

جس میں کسی نیوز چینل کی ویڈیو تھی۔

"جی تو ناظرین جیسا کہ آپ دیکھ سکتے ہیں تصویر میں دکھائی جانے والی اس لڑکی نے ایک لڑکے پر بری طرح حملہ کر کہ اس جگہ سے باگ گئی لڑکے کی حالت بڑی تشویش ناک ہے ذرائع سے معلوم ہے ہوا ہے کہ وہ لڑکا ہمارے سابقہ پی ایم سہیل احمد کا بھانجا ہے ذرائع کہ مطابق یہ بھی

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

معلوم ہوا ہے کہ پولیس اس کی تلاش میں ہے۔"اس ویڈیو میں حیات کی تصویر تھی اور ایک جگہ اوندھے منہ گہرے لڑکے کی جس کہ سر سے خون نکل رہا تھا۔" ویڈیو ختم ہو گئی۔

ایک اور ویڈیو ہے مناہل نے ایک اور ویڈیو پلے کی... جہاں ہر کچھ پولیس اہلکار بازو سے پکڑے گھسیٹنے کہ انداز میں اسے لے جا رہے تھے یوسف کی گرفت سخت ہوئی اس کہ ہاتھوں میں ہتھکڑی تھی وہ معصومیت اپنے آس پاس دیکھ رہی تھی شاید کسی کہ مدد کا انتظار کر رہی تھی اس کی سبز آنکھو سے آنسو پانی کی طرح بہ رہے تھے یوسف نے وڈیو پوس کر دی وہ اسے کیسے دیکھ سکتا تھا اس حالت میں۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

منائل اس کہ ویڈیو پوس کرنے اور اس کی ہاتھوں کی ابھرتی رگوں کو دیکھ کر فاتحانہ مسکرائی مطلب میں جس مقصد کہ لیے آئی تھی وہ پورا ہوا وہ سوچتی گہرا مسکرائی لیکن یوسف کی بات نے اس کی مسکراہٹ غائب کر دی۔

"میں نے صبوت کہا تھا مناہل یہ تم مجھے کیا دکھا رہی ہو۔" منائل نے حیرت سے اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

"یہ صبوت ہی ہیں ساری دنیا جانتی ہے اس بارے میں ساری دنیا اسے قاتل مانتی ہے کیا یہ کافی نہیں؟؟"

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

''یوسف حالم ساری دنیا جیسا نہیں ہے منائل خان...''اس نے رک کر منائل کو دیکھا۔

''اور اپنی بیوی کہ لیے بلکل بھی نہیں...''منائل کا رنگ فق ہوا۔

''آپ پشتائیں گے...''اس نے آخری کوشش کی۔

www.novelsclubb.com

''اگر وہ واقعی میں بھی کسی کا قتل کر دے تب بھی یوسف حالم اس کہ ساتھ کھڑا رہے گا کیوں کہ وہ میری بیوی ہے۔''منائل کو یہاں آنا اپنی ہی بے عزتی محسوس ہو رہی تھی وہ پرس اٹھاتی کرسی سے اٹھ گئی اسے بلکل یوسف سے اس رد عمل کی توقع نہیں تھی وہ تو کچھ اور سوچ کر آئی تھی۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"آئندہ میری بیوی کہ بارے میں کچھ بولنے سے پہلے دس بار سوچیے گا اب وہ آپ کی پھپھو کی بیٹی نہیں یوسف حالم کی بیوی ہے..... مسز حالم ہے وہ۔" منائل آفس کمرے سے نکل گئی اس کا رنگ فک ہو گیا اس کی آخری بات پر۔

اس کہ جاتے ہی یوسف نے کرسی سے ٹھیک لگائی اور آنکھیں موند گا یا پر گہرا سانس برا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"تمارے ساتھ اتنا کچھ ہو گیا اور میں تمارے روبرو نہیں تھا۔" وہ اٹھ کھڑا ہوا گاڑی کی چابی اور والٹ ٹیبل سے اٹھا کر وہ آفس سے چلا گیا کچھ سوال تھے جن کا جواب بس ایک ہی شخص کہ پاس تھا اور وہ اس شخص کہ پاس جا رہا تھا۔

دونوں لون میں ٹہلتے مسلسل مین گیٹ کو دیکھ رہے تھے۔

www.novelsclubb.com

"کب آئے گا یوسف مجھے بھوک لگ رہی ہے۔" حیات پیٹ میں ہاتھ رکھ کر بولی۔

یوسف کی گاڑی اندر داخل ہوئی دونوں اس کی جانب لپکے۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف نے خوشگوار حیرت سے دونوں کو اپنی طرف آتا دیکھا۔

"مجھے خوش آمدید کہنے کہ لیے تم دونوں آئے ہو..." حیات نے اس کہ سیدھے ہاتھ سے شاپر لیا اور اندر چلی گئی شہیر نے اپنے بھائی کو دیکھا جو منہ کھولے اسے جاتا ہوا دیکھنے لگا۔

www.novelsclubb.com

"باقی سامان اندر ہے۔" اس کی کہنے کی دیر تھی شہیر اندر سے سامان نکال تھا اندر کی طرف گیا یوسف بھی سر نفی میں ہلاتا اندر کی جانب بڑھ گیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف فریش ہو کر سیدھا نیچے ان کی طرف آیا جہاں وہ ڈنر نکالے شاید اس کا انتظار کر رہے تھے

۔

''تم دونوں نے اب تک کھانا شروع نہیں کیا؟؟''یوسف کرسی گھسیٹ کر بیٹھ گیا۔

''حیا نے کہا آپ آجائیں پر ساتھ میں کرینگے۔''حیات نے شہیر کو گھورا جبکہ یوسف نے اب کہ خوشگوار حیرت سے حیات جو دیکھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"شروع کرو کھانا ورنہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔" یوسف کی بات پر دونوں کانوں پر ٹوٹ پڑے

بیچارے کب سے بھوکے تھے۔

یوسف کھانا کھا کر اٹھ گیا "شہیر تم برتن دو ہو گے۔" اس نے اسے یاد دلایا۔

شہیر نے حیات کو دیکھا حیات اس کہ دیکھنے کا مفہوم واضع طور پر سمجھ گئی وہ اسے اگنور کرتی اٹھ

گئی۔

"تم کہاں جا رہی ہو... تم سب کہ لیے کافی بناؤ گی۔" حیات نے پلٹ کر اسے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"میں کھانا لایا تھا یہ کام اب تم دونوں کہ اوپر ہیں۔"اس کہ یوں دیکھنے پر یوسف نے فوراً کہا۔

وہ بنا کچھ کہے کچن میں گھس گئی۔

اس نے کافی یوسف کہ سامنے ٹیبل پر رکھی اور اپنا مگ تھامے اسی کہ پاس صوفے پر بیٹھ گئی۔

www.novelsclubb.com

ایل ہی ڈی پر کوئی ہورر موووی چل رہی تھی شاید یوسف نے لگائی تھی شہیر بھی اپنا مگ تامے ان کی طرف آیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

یوسف نے مگ کو دیکھا اور پر حیرت سے حیات کو یہ وہی مگ تھا جس میں وہ زیادہ تر کافی پیتا تھا

شاید حیات نے نوٹس کر لیا تھا۔

دونوں اشتیاق سے موووی دیکھنے لگے اور یوسف لیف ٹاف اٹھاتا کام میں مصروف ہو گیا۔ موووی

ختم ہو گئی دونوں اپنے اپنے روم میں چلے گئے وہ وہی بیٹا لیپ ٹاپ گود میں لیے کام میں مصروف

تھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اندھیرے میں اسے اپنی کمر پر کسی کی انگلیاں سرکتی محسوس ہوئی وہ اس کہ قریب آرہا تھا بے حد قریب ''ڈرو مت بے بی میں ہوں...'' وہ اس کہ کان کہ پاس جھکا کہ رہا تھا اس کی بند پلکیں تک اس آواز سے لرز اٹھی ''جانے دو....'' وہ رو رہی تھی سارے منظر اس کہ بند لرزتی پلکوں کہ سامنے لہرا رہے تھے اور وہ اوندھے منہ زمین پر گرا تھا اس کہ سر سے خون رس رہا تھا اس کی آنکھیں کل گئی اس کی سبز آنکھیں واضع ہوئی جہاں ایک انجانہ سا خوف تھا۔

ایسی کی ٹھنڈک میں بھی اس کی پیشانی پسینہ سے بر چکی تھی۔

''یا اللہ خیر...'' اس نے بے اختیار اپنا سیدھا ہاتھ دل کہ مقام پر رکھا عرصہ ہو گیا تھا اسے ایسے خواب آتے ہوئے آج اچانک پر سے وہی خواب وہی دہشت اس کا ہلق تک ایک بنجر زمیں کی

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

طرح سوک گیا تھا اس نے سائڈ پڑے جگ کو دیکھا جو پورا خالی تھا اس نے بیڈ کو دیکھا یوسف کی سائڈ خالی تھی وہ گہرا سانس بر کر اٹھ گئی۔

سیڑیوں سے نیچے اترتے اس نے یہاں وہاں دیکھا، ہلکی ہلکی روشنی تھی وہ سیدھا کچن کی جانب گئی ۔فرج سے بوٹل نکالا اسے اپنے پیچھے قدموں کی چاپ سنائی دی اس کی ہتھیلیاں پسینے سے بر گئی اب قدموں کی آواز بلکل اس کہ قریب آرہی تھی اسے یوں محسوس ہوا جیسے کوئی اس کہ پیچھے کھڑا ہو وہ بنا کچھ سوچے سائڈ سے بھاگنا چاہتی تھی لیکن وہ اسی طرف باگی جہاں فریزر کا دروازہ کولا ہوا تھا۔

"آہہ....." اس نے بے اختیار اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"دکھاؤ مجھے..." یوسف اس کا ہاتھ ہٹھاتا اس کی پیشانی دیکھنے لگا۔

اسے سامنے کھڑا دیکھ کر اس نے سکھ کا سانس خارج کیا "کیا ضرورت تھی ایسے ڈرنے کی..."

من ہی من خود کو کوسا۔

www.novelsclubb.com

"ادھر آؤ..." اس کا ہاتھ پکڑ کر یوسف نے اسے چیئر پر بیٹھایا۔

اور خود فرسٹ ایڈ باکس لینے چلا گیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اس کہ بلکل سامنے سائڈ والی کرسی گسیٹ کر بیٹھا۔

وہ اس کی پیشانی پر ٹیوب لگا رہا تھا حیات اسے دیکھے جا رہی تھی۔

"اتنی لمبی پلکوں کی اسے کیا ضرورت تھی اللہ..." اس کی پلکیں دیکھتی دل میں اللہ سے مخاطب ہوئی۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ویسے مجھے پتا نہیں تھا مسز حالم بھوتوں سے ڈرتی ہیں..." حیات نے اس کی بات پر اپنی آنکھوں کا زاویہ بدلا یوسف اس کی حرکت پر مسکرا دیا۔

"ہاں تو ڈرتی ہوں اس میں کونسی بڑی بات ہے..." اس نے اعتراف کیا۔

ایک نظر اس کی پیشانی پر ڈال کر وہ اٹھ کھڑا ہوا "بڑی بات نہیں حیرت کی بات ہے کہ تم ان سے ڈرتی ہو۔" حیات کو اس کی بات سمجھ نہ آئی۔

"اس وقت تم یہاں کیا کر رہے تھے..." اس کہ ساتھ چلتے اس نے اس سے پوچھا۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"کام تھا کچھ وہی کر رہا تھا۔" دروازہ کولتے ہوئے وہ سیدھا اپنی سائڈ پر آتا لیٹ گیا۔۔ وہ تھکا ہوا تھا سو اسے جلد ہی نیند آ گئی۔

••••••••••••

www.novelsclubb.com

سر وہ آ گئے ہیں۔۔" عمیر نے ہاتھ سے اسے جانے کا اشارہ کیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

وہ لمبے لمبے ڈگ برتا لاؤنج کی طرف گیا جہاں ایک آدمی بیٹا جس کہ چہرے پر ایک گہرا کٹ لگا ہوا تھا دکھنے میں چالیس سے اوپر کا لگتا تھا کالی رنگت سیاہ گہری آنکھیں جنے دیکھ کر ہی عام دنیا کہ پسینے چھوٹ جائے اور چہرے پر بلکل ایک طرف سے شروع ہوتا دوسرے تک ختم ہوتا کٹ۔

عمیر کہ آتے وہ معدب سا کھڑا ہو گیا۔

www.novelsclubb.com

ایک ہاتھ سے اس نے اسے بیٹھنے کا اشارہ دیا اور خود اس کہ سامنے صوفے پر ٹاگ پر ٹانگ رکے بیٹ گیا۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

